http://dailygawadarbusiness.com.pk
Member APNS
کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت
Daily Gwadar Business Quetta
ABC Certified
روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ
Email.dailygwadarbusiness@gmail.com
جلد 22 | پیر 27 جولائی 2026ء | 12 صفر المظفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 23

بھارت کی سرپرستی میں چلنے والا نفرت انگیز پروپیگنڈا کامیاب نہیں ہو سکتا — عطا تارڑ

پاکستان اور ایجنسیوں سے متعلق گمراہ کن پروپیگنڈا کرنیوالے نیٹ ورک کا تعلق بھارت سے ہے، ایک ملزم گرفتار کرلیا

ہر پوسٹ میں عوام کو ریاست کے خلاف اکسایا جا رہا تھا، جتھہ بندی اور قانون کو ہاتھ میں لینے والوں کو سوشل میڈیا کے ذریعے بڑھاوا دیا جا رہا تھا

عسکری محاذ کے بعد سفارتی محاذ پر بھی پاکستان نے کامیابیوں کے جھنڈے گاڑے، پاکستان کے مفاد کا ہر محاذ پر دفاع کریں گے، پریس کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان اور ایجنسیوں سے متعلق گمراہ کن پروپیگنڈا کرنیوالے نیٹ ورک کا تعلق بھارت سے ہے، ایک ملزم گرفتار کرلیا ہے کانٹینٹ کا زیادہ تر حصہ کشمیر کے کالعدم ایکشن کمیٹی کے (بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کا سعودی وزیر خارجہ سے رابطہ، تازہ علاقائی پیش رفت پر گفتگو

خطے میں امن واستحکام کے لیے سفارت کاری جاری رکھنے کی اہمیت پر زور دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان سے ٹیلیفونک رابطہ ہوا، جس میں برادرانہ تعلقات کا اعادہ کیا گیا۔اس موقع (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

ایران کا امریکی فوجی اڈوں پر 11 لڑاکا طیارے تباہ کرنے اور 200 امریکیوں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ

تہران (این این آئی) ایرانی پاسداران انقلاب فورس نے آپریشن نصر دوم کے دوران امریکی فوجی اڈوں پر 11 لڑاکا طیارے (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

غزہ پر اسرائیلی حملے، 6 فلسطینی شہید، 37 زخمی

آٹھ سو سے زیادہ لاشیں مختلف مقامات سے برآمد، 66 فلسطینی گرفتار

غزہ (این این آئی) غزہ پر اسرائیلی حملوں میں 6 فلسطینی شہید جبکہ سینتیس زخمی ہوگئے۔فلسطینی وزارت صحت کے مطابق اکتوبر دو ہزار پچیس میں جنگ بندی کے بعد سے (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

یوکرین کا ایران کے بحیرہ کیسپین جہاز پر حملے کے بعد جہاز میں آگ لگنے کے بعد دھواں اٹھ رہا ہے

ایران پر حملوں سے متعلق امریکی قیادت میں اختلافات، جے ڈی وینس اور عسکری حکام کے خدشات سامنے آگئے

ٹرمپ کا ایران پر ایک روز کے لئے حملے روکنے کا حکم

ہم نے بھی جوابی کارروائیاں معطل کر دیں، ایرانی فوج

ٹرمپ نے حملے روکنے کا حکم ایسے وقت میں دیا جب اومانی وفد مذاکرات کے لیے جمعہ کو ایران پہنچا تھا تاکہ آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے نیا معاہدہ کیا جاسکے، امریکی ویب سائٹ

جمعے کو ہونے والے اعلیٰ سطح کے اجلاس میں جنرل ڈین کین نے صدر کو بریفنگ دیتے ہوئے ممکنہ فوجی کارروائیوں کے نتائج اور خطرات سے آگاہ کیا، سی این این

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران پر ایک روز کے لیے حملے روکنے کا حکم دیدیا۔امریکی ویب سائٹ کے مطابق گزشتہ روز ایران کے خلاف کارروائی نہیں کی گئی۔صدر کے حکم کے بعد ایران کے خلاف روزانہ ہونے والے حملوں کا تقریبا دو ہفتے (بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر)

واشنگٹن (این این آئی) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس اور چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف جنرل ڈین کین نے ایران کے خلاف جنگ کو مزید وسعت دینے کے ممکنہ (بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر)

محسن نقوی کا تربت میں فرنٹیئر کور بلوچستان ہیڈکوارٹرز کا دورہ

ہسپتال کو مختصر مدت میں مکمل کرنے پر آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) اور ان کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا

تربت میں علاج معالجے کی جدید سہولتوں سے آراستہ ہسپتال اشد ضرورت تھی، محسن نقوی

تربت (این این آئی) وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے تربت میں فرنٹیئر کور بلوچستان (ساؤتھ) ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا۔وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے ایف سی کے جدید ترین (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

جوائنٹ ایکشن کمیٹی پاکستان اور کشمیر کے تاریخی رشتے کو چیلنج کر رہی ہے — خواجہ آصف

1947ء میں لاکھوں مہاجرین خون کی لکیر عبور کرکے پاکستان پہنچے، تقریباً اڑھائی لاکھ افراد نے اپنی جانوں کی قربانی دی

ایک گروہ نے پیپلز پارٹی کی حکومت اور پاکستانی حکومت کو بلیک میل کرکے 25 ارب روپے وصول کیے، تقریب سے خطاب

سیالکوٹ (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ایکشن کمیٹی پاکستان اور کشمیر کے تاریخی رشتے کو چیلنج کر رہی ہے، ایک گروہ نے پیپلز پارٹی کی حکومت اور (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا میں 83 مطلوب دہشتگردوں کے سروں کی قیمت مقرر کردی گئی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا پولیس نے 83 مطلوب دہشتگردوں کے سروں کی قیمت مقرر کردی اس حوالے سے جاری فہرست کے مطابق مجموعی انعامی رقم 28 کروڑ 58 لاکھ روپے ہے۔سینٹرل پولیس آفس کے مطابق (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)

ایک متوازن، ذمہ دارانہ اور ترقی دوست بجٹ ہے، خرم شہزاد

ٹیکس چوری کے خلاف کارروائی ڈیٹا اور شواہد کی بنیاد پر مزید مؤثر انداز میں کی جائیگی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرِ خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ ٹیکس چوری کے خلاف کارروائی ڈیٹا اور شواہد کی بنیاد پر مزید مؤثر انداز میں کی جائے گی، نئے ٹیکس آرپیٹنگ ماڈل اور حکومت کے وسیع تر ٹیکس اصلاحاتی پروگرام کی کامیابی کے لیے تمام (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)

صدر زرداری کا بلوچستان میں امن، ترقی اور خوشحالی کیلئے حکومت کے عزم کا اعادہ

صدرِ مملکت آصف علی زرداری سے ایم پی اے نواب جنگیز خان مری کی بلاول ہاؤس میں ملاقات

بلوچستان میں امن وامان اور ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال، وفاق اور صوبے میں قریبی تعاون کی ضرورت پر زور

کوئٹہ / کراچی (یو این اے) صدرِ پاکستان آصف علی زرداری سے رکنِ بلوچستان اسمبلی نواب جنگیز خان مری نے بلاول ہاس کراچی میں تفصیلی ملاقات کی، جس میں ملک (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)



کراچی؛ صدر پاکستان آصف علی زرداری سے نواب جنگیز خان مری کی ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

ملک بھر کے پیٹرول پمپس کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) ملک بھر کے پیٹرول پمپس کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ کا فیصلہ کرلیا گیا۔فلنگ اسٹیشنز پر تیل کی آمد، فروخت اور دستیاب اسٹاک کی رئیل ٹائم مانیٹرنگ کے لیے اوگرا (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی بہت تحریکیں چلا چکی، پانچ اگست بھی دیکھ لیں گے، رانا تنویر حسین

پاکستان امن کے مشن سے ایک دن بھی پیچھے نہیں ہٹا، جلد ایران امریکہ جنگ ختم ہو جائیگی

مریدکے (این این آئی) وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ رانا تنویر حسین نے کہا ہے پی ٹی آئی بہت تحریکیں چلا چکی پانچ اگست بھی دیکھ لیں گے، عوام ان کی سیاست (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

مغربی کنارے میں اسرائیلی قابضین کے حملے جاری، 2 مساجد کو شہید کر دیا

امریکا کیساتھ مذاکرات کیلئے تیار، ایران نے پاکستان کو آگاہ کر دیا، عرب میڈیا

ایران پاکستان کو تصدیق کر چکا ہے کہ وہ امریکا کے ساتھ جنیوا، دوحہ یا اسلام آباد میں مذاکرات جاری رکھنے کیلئے تیار ہے، العربیہ انگلش

ایران نے پاکستان کو آگاہ کیا ہے وہ آبنائے ہرمز سے ایک نئی راہداری بنانے کے اقدام کو مسترد کرتا ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) عرب میڈیا کی ایک رپورٹ میں دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے پاکستان کو آگاہ کردیا ہے کہ وہ جنیوا، دوحہ یا اسلام آباد میں امریکا کے ساتھ مذاکرات کیلئے تیار ہیں۔العربیہ انگلش کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ ایران پاکستان کو تصدیق کر چکا ہے کہ وہ امریکا کے ساتھ جنیوا، دوحہ یا اسلام آباد میں مذاکرات جاری رکھنے کیلئے تیار ہے۔رپورٹ میں بتایا (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

تربت؛ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی ایف سی کے جدید ترین ہسپتال کا افتتاح کر رہے ہیں

آزاد کشمیر کے عوام (ن) لیگ کو ووٹ دیکر ترقی کے سفر کو منتخب کرینگے — احسن اقبال

آزاد کشمیر کے عوام آئندہ انتخابات میں (ن) لیگ کو ووٹ دے کر درحقیقت ترقی کے سفر کو منتخب کریں گے

آج ہر صوبہ پنجاب جیسی مثالی ترقی کا خواہشمند ہے، کشمیر، سندھ کے عوام واضح فرق دیکھ رہے ہیں' وفاقی وزیر

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم اور جدید مہارتوں سے آراستہ کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، سائنس اور ٹیکنالوجی مستقبل کی معیشت کا تعین کریں گی، اگلے دس سال قوموں کی ترقی کا فیصلہ کن دور ہوں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلامیہ ڈگری کالج کی بحالی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔احسن اقبال نے کہا (بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر)

ہم نفرتیں نہیں پھیلاتے، ترقی کی بات کرتے ہیں، بلال اظہر کیانی

پیپلز پارٹی کے الزامات آزاد کشمیر میں اپنی حکومت کی ناکامیوں پر پردہ ڈالنے کی ناکام کوشش ہے

پاکستان ہو یا آزاد کشمیر جب بھی شیر پر مہر لگی، ملک اور عوام کو ترقی ملی

جہلم (این این آئی) وزیرمملکت خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کے الزامات آزاد کشمیر میں اپنی حکومت کی ناکامیوں پر پردہ ڈالنے کی ناکام کوشش ہے۔وزیر (بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر)

جمعیت علماء اسلام کا اگست میں چاروں صوبوں سمیت اسلام آباد میں صوبائی اور ضلعی ذمہ داروں سے مشاورت کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نے اگست میں چاروں صوبوں سمیت اسلام آباد میں صوبائی اور ضلعی ذمہ داروں (بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر)

دہشتگردی کی شدید لہر کا مقابلہ کرنے کیلئے پوری قوم کو متحد ہونا ہوگا' سعد رفیق

دشمن ہم پر اندر سے حملہ آور، ہماری توجہ ایکدوسرے کو گرانے اور طاقت کے ارتکاز پر مبذول ہے

حکومتیں، ادارے، روزگار اور تحفظ وطن عزیز کے استحکام سے مشروط ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما وسابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ ٹانک میں مشترکہ چیک پوسٹ پر دہشتگرد حملے میں سکیورٹی اہلکاروں (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

نارووال؛ وفاقی وزیر منصوبہ بندی ترقی احسن اقبال ڈگری کالج کی بحالی کے منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں

عوام کیلئے بننے والی چیز تحفہ نہیں ہوتا، یہ عوام کا حق ہوتا ہے — بلاول بھٹو زرداری

بسوں، سڑکوں، ایئرپورٹس کے وعدے سنائے جا رہے ہیں، میں کشمیر کے عوام کو حق حاکمیت، حق ملکیت اور حق روزگار دلوانا چاہتا ہوں

میرپور ڈویژن کے عوام تیر کے نشان پر مہر لگا کر کشمیر کی ترقی، خوشحالی اور امن کو ووٹ دیں، چیئرمین پیپلز پارٹی کا پیغام

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ عوام کے لیے بننے والی چیز عوام کو تحفہ نہیں ہوتا، یہ عوام کا حق ہوتا ہے، بسوں، سڑکوں، ایئرپورٹس کے وعدے سنائے جا رہے ہیں، میں کشمیر کے عوام کو حق حاکمیت، حق ملکیت اور حق روزگار دلوانا چاہتا ہوں، کشمیریوں کو حقوق مل جائیں تو انہیں ایسے تحفے کی ضرورت نہیں ہوگی، میرپور ڈویژن کے عوام تیر کے نشان پر مہر لگا کر کشمیر کی ترقی، خوشحالی (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر میرپور ڈویژن کے 3 اضلاع کے 13 حلقوں میں پولنگ (آج) پیر کو ہوگی

مظفرآباد (این این آئی) آزاد کشمیر میرپور ڈویژن کے 3 اضلاع کے 13 حلقوں میں پولنگ (آج) پیر کو ہوگی۔تفصیلات کے مطابق آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

صدر قومی مفاہمت کی علامت بن چکی ہے، سید مراد علی شاہ

اپنی پوری سیاسی زندگی میں جمہوریت، پارلیمان کی بالادستی اور وفاق کے استحکام کے لیے مسلسل جدوجہد کی

ہم صدر کی قیادت میں ترقی، جمہوریت اور عوامی خدمت کے سفر کو آگے بڑھا رہے ہیں

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے صدر مملکت آصف علی زرداری کو ان کی 71 ویں سالگرہ پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ صدر آصف علی (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، کاکا شہید فاؤنڈیشن اور احمد خان ایجوکیشنل سسٹم کے زیراہتمام احمد خان اچکزئی کی کتاب واشنگٹن سے بیجنگ تک کی رونمائی تقریب سے سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی خطاب کر رہے ہیں

جلد صوبے میں دیرپا امن قائم کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے — گورنر مندوخیل

حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے اٹھائے گئے حالیہ اقدامات مجموعی صورتحال اور روزمرہ کی زندگی کیلئے مثبت نتائج برآمد کر رہے ہیں

اقتصادی ترقی، سیاسی استحکام، نئی سرمایہ کاری، ملازمتوں کی تخلیق اور بلوچستان کی مجموعی خوشحالی سب کا انحصار ایک پُرامن، محفوظ اور ترقی یافتہ بلوچستان پر ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ ہم بہت جلد صوبے بھر میں دیرپا امن اور استحکام قائم کریں گے۔موجودہ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے اٹھائے گئے حالیہ اقدامات مجموعی صورتحال، عوامی تحفظ اور روزمرہ کی زندگی کیلئے مثبت نتائج برآمد کر رہے ہیں۔گورنر مندوخیل اس بات پر زور دیا کہ تمام شہریوں کے (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو محکمہ پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور یو این ایف پی اے کے زیراہتمام عالمی یوم آبادی کی تقریب میں پہنچنے پر بچی گلدستہ پیش کر رہی ہے

امریکی صدر ٹرمپ نے چوتھی بار صدارتی الیکشن لڑنے کی خواہش ظاہر کردی

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے چوتھی بار صدارتی الیکشن لڑنے کی خواہش ظاہر کردی۔واشنگٹن (بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر)

تمام سیاسی قوتوں کو قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کرنا چاہیے، سیدال خان

قومی مفاد، جمہوری اقدار اور عوامی فلاح کو ہمیشہ سیاسی ترجیحات کا مرکز ہونا چاہیے

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما، سابق ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی اور سابق سینیٹر چوہدری جعفر اقبال کی (بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر)

نیئر حسین بخاری نے سید شجاعت علی کی بنیادی رکنیت منسوخ کردی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے سیکرٹری جنرل سید نیئر حسین بخاری نے پارٹی آئین، قواعد و (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

چاغی میں نامعلوم مسلح افراد نے 5 گیس باؤزر کو آگ لگادی

واقعہ کی اطلاع ملتے ہی سیکورٹی فورسز اور پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی

کوئٹہ (این این آئی) چاغی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے 5 گیس باؤزر کو آگ لگادی۔سیکورٹی فورسز کے مطابق چاغی کے علاقے نوک جاہ میں کوئٹہ تفتان (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

سکھر؛ مون سون کی شدید بارشوں کے باعث ہندوؤں کی عبادت گاہ شری سادھو بیلا میں پانی جمع ہے

کویتی حکومت نے پاکستان سے دفاعی شعبے میں تعاون کے معاہدے کی منظوری دیدی

دونوں ممالک کے قوانین اور ضوابط اور ان کی بین الاقوامی ذمہ داریوں کے مطابق فوجی تربیت، تعلیم اور مسلح افواج میں تعاون کیلئے فریم ورک قائم کرنا ہے، متن

دونوں ممالک کے وزرائے دفاع کی مقرر کردہ کمیٹی سال میں ایک بار اجلاس منعقد کریں گے، معاہدہ

کویت سٹی (این این آئی) کویت اور پاکستان کے درمیان دفاعی شعبے میں تعاون کا معاہدہ ہوگیا ہے اور کویتی حکومت نے اس کی منظوری دے دی ہے۔عرب میڈیا کے مطابق باضابطہ منظوری کو سرکاری گزٹ میں شائع کردیا گیا ہے، منظوری حکم نامہ نمبر 73 آف (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

پاکستان مالدیپ کے ساتھ برادرانہ تعلقات کو اہمیت دیتا ہے، صدر مملکت

دوستی کے رشتے مضبوط تر ہونے سے باہمی تعاون کو فروغ ملے گا جو دونوں ممالک کے عوام کی امن، ترقی اور خوشحالی کا باعث ہوگا

یہ اہم سنگِ میل دونوں ممالک کے درمیان چھ دہائیوں سے زائد قائم دوستانہ تعلقات، باہمی اعتماد اور قریبی تعاون کی عکاسی کرتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے مالدیپ کے صدر، ڈاکٹر محمد معیزو، مالدیپ کی حکومت اور عوام کو یوم آزادی پر مبارکباد کا پیغام دیا ہے اور کہا ہے کہ دوستی کے رشتے مضبوط تر ہونے سے باہمی تعاون کو فروغ ملے گا جو دونوں ممالک کے عوام کی امن (بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر)

میر ضیا اللہ لانگو کی شہید سیشن جج کے گھر آمد، تعزیت اور فاتحہ خوانی

حکومت شہدا کے خاندانوں کو تنہا نہیں چھوڑے گی، میر ضیا اللہ لانگو

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیرداخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے شہید سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کے گھر پہنچ کر ان کے لواحقین سے ملاقات کی اور تعزیت و فاتحہ خوانی کی۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر داخلہ بلوچستان نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں ہم شہید کے خاندان کے (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

جمعیت بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع سے ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق اور مولانا خورشید احمد ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم کا جنوبی وزیرستان میں دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے پر فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے جنوبی وزیرستان میں دہشت گردوں کے حملے کو ناکام بنانے پر سکیورٹی (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

مینگروز سے کاربن مارکیٹ کے ذریعے سالانہ کروڑوں ڈالر آمدن ممکن، جنید انوار چوہدری

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ مینگروز کے جنگلات پاکستان کے ساحلی علاقوں (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

مفتاح اسماعیل کا پیٹرولیم مصنوعات پر ٹیکسوں میں کمی کا مطالبہ

پیٹرول کی قیمت میں 220 روپے کے بعد باقی رقم ٹیکسز اور کمپنیوں کے منافع پر مشتمل ہے

غریب صارفین پر زیادہ بوجھ مہنگائی میں اضافے کا سبب بن رہا ہے، سابق وزیر خزانہ

کراچی (این این آئی) عوام پاکستان پارٹی کے سیکریٹری جنرل اور سابق وزیرخزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ کراچی بندرگاہ پر درآمدی ڈیوٹی سمیت پیٹرول کی قیمت تقریباً (بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا میں بارشوں کا نیا سلسلہ، دریائے کابل اور سندھ کے سنگم پر نچلے درجے کا سیلاب

صوبے میں بارشوں کا یہ سلسلہ 29 جولائی تک جاری رہنے کا امکان ہے، محکمہ موسمیات کی پیشگوئی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے بالائی علاقوں میں مسلسل بارشوں کے باعث دریائے کابل اور دریائے سندھ میں پانی کے بہاؤ میں اضافہ ہوگیا جبکہ نوشہرہ کے علاقے (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موبائل انٹرنیٹ سروس معطل کیے جانے کا امکان

سیکیورٹی خدشات اور یوم آزادی کے پیش نظر تجویز زیر غور

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں آئندہ ماہ اگست کے دوران موبائل انٹرنیٹ سروس معطل کیے جانے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔محکمہ داخلہ کے ذرائع نے خبر رساں ادارے یو این اے کو بتایا ہے کہ صوبے میں موجودہ (بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر)

پاکستان نے ایران اور امریکا کے درمیان مفاہمتی یادداشت کے عمل میں اہم کردار ادا کیا، چینی وزیر خارجہ

بیشکگ (این این آئی) چین کے وزیر خارجہ وانگ ای نے کہا ہے کہ چین اور پاکستان کے تعلقات ہمیشہ وقت کے تقاضوں (بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر)

آبنائے ہرمز میں بحری آمد ورفت پر ایران اور عمان کے مذاکرات میں پیش رفت، بات چیت جاری

مسقط/تہران (این این آئی) ایران نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز میں بحری آمد ورفت کے انتظام اور محفوظ جہاز رانی کے (بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر)

صدر نے کبھی اپنے جمہوری اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا، فریال تالپور

صدر آصف علی زرداری کی قیادت میں جمہوری ادارے مزید مضبوط ہوں گے، شرجیل میمن

کراچی (پ ر) سینئر وزیر سندھ برائے اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن کی جانب سے اسلام آباد میں صدر مملکت آصف علی زرداری کی سالگرہ کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں فریال تالپور نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔تقریب (بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر)

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

ٹیکس چوری سے کوئی بھی ملک ترقی نہیں کرسکتا!

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ٹیکس چوری کے ساتھ کوئی بھی ملک ترقی نہیں کرسکتا اس لیے حکومت ٹیکس چوری کے خاتمے کے لیے موثر اقدامات کر رہی ہے، سیلز ٹیکس چوری کے بڑے کیسز کا سراغ لگایا گیا جس کے نتیجے میں ٹیکس وصولیوں میں اضافہ ہوا اور قومی خزانے کو فائدہ پہنچا، ایف بی آر میں ایک نیا ماڈل متعارف کرایا جا رہا ہے جس سے ادارے کی کارکردگی، شفافیت اور استعداد میں نمایاں بہتری آئے گی، وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں حکومت ٹیکس نظام میں بنیادی اصلاحات، ایف بی آر کی استعداد کار میں اضافے، کیش لیس معیشت کے فروغ اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے ملک کے مالیاتی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے، حکومت کا مقصد عوام کیلئے آسانیاں پیدا کرنا، ٹیکس دہندگان کا اعتماد بحال کرنا اور ایک ایسا شفاف نظام قائم کرنا ہے جو پاکستان کی پائیدار معاشی ترقی کی بنیاد بن سکے۔ لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز میں ایف بی آر کے پوسٹ گریجویٹ ڈپلومہ پروگرام کی اختتامی اور سرٹیفکیٹ تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے چیئرمین محمد راشد لنگڑیال سمیت فیکلٹی ممبران اور ڈپلومہ پروگرام مکمل کرنے والے افسران کی کثیر تعداد موجود تھی۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی انہیں ہر مرحلے پر بھرپور حمایت حاصل رہی ہے اور حکومت ٹیکس پالیسی اور ٹیکس انتظامیہ میں بہتری کے لیے مربوط انداز میں کام کر رہی ہے۔ ایف بی آر میں ایک نیا ماڈل متعارف کرایا جا رہا ہے جس سے ادارے کی کارکردگی، شفافیت اور استعداد میں نمایاں بہتری آئے گی۔

علامہ مولانا عبدالقیوم جوہر براہوئی کی پہلی برسی کے موقع پر پُر وقار علمی و ادبی سیمینار کا انعقاد

کوئٹہ ررر براہوئی اکیڈمی کے زیرِ اہتمام براہوئی زبان کے نامور شاعر، ادیب، مورخ، محقق اور مدبر علامہ مولانا عبدالقیوم جوہر براہوئی کی پہلی برسی کے موقع پر پُر وقار علمی و ادبی سیمینار کا انعقاد

رپورٹ: شیر محمد سرپرہ براہوئی زبان کے عظیم شاعر، ادیب، مورخ، محقق، مدبر، دانشور، صوفی بزرگ اور ہمہ جہت علمی شخصیت علامہ مولانا عبدالقیوم جوہر براہوئی کی پہلی برسی کے موقع پر براہوئی اکیڈمی کے زیرِ اہتمام کوئٹہ میں ایک پُر وقار ایک روزہ علمی و ادبی سیمینار منعقد کیا گیا۔ اس تقریب میں سندھ اور بلوچستان کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے براہوئی ادباء، شعراء، محققین، دانشوروں، اساتذہ، طلباء اور اہلِ قلم نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور مرحوم کی علمی، ادبی اور دینی خدمات کو شاندار الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کیا۔

تقریب کی صدارت چیئرمین براہوئی اکیڈمی پروفیسر ڈاکٹر عبدالقیوم سوسن براہوئی نے کی، جبکہ سندھ ادبی سنگت میہڑ کے جنرل سیکرٹری آزاد انور کاندھڑو مہمانِ خصوصی تھے۔ اعزازی مہمانوں میں علامہ جوہر براہوئی کے جانشین ندیم براہوئی، پروفیسر محمد افضل گل براہوئی، حاجی محمد افضل مینگل، ہزارگی اکیڈمی کے چیئرمین محمد علی بیگ، سلطان احمد شاہوانی اور معروف دانشور آغا گل شامل تھے۔

تقریب کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا، جس کی سعادت مولانا محمود احمد ابابکی نے حاصل کی، جبکہ معروف براہوئی نعت خواں میر گل پندرانی نے سرورِ کونین ﷺ کے حضور ہدیہ نعت پیش کیا۔ سیمینار کی نظامت کے فرائض زاہد براہوئی نے نہایت خوش اسلوبی اور وقار کے ساتھ انجام دیے۔ سیمینار میں پیش کیے گئے تحقیقی مقالات، تنقیدی مضامین اور منظوم خراجِ عقیدت کے ذریعے مقررین نے علامہ جوہر براہوئی کی علمی، ادبی، دینی، تحقیقی اور فکری خدمات پر سیر حاصل گفتگو کی۔

مقررین کا کہنا تھا کہ علامہ جوہر براہوئی نہ صرف براہوئی زبان کے عظیم شاعر تھے بلکہ وہ بلند پایہ محقق، مورخ، مفسر، مترجم، سفرنامہ نگار، انشائیہ نگار، رزمیہ شاعر، صوفی مفکر اور قوم کے مخلص رہنما بھی تھے۔ انہوں نے اپنی پوری زندگی براہوئی زبان، ادب، تاریخ، تہذیب اور اسلامی اقدار کے فروغ کے لیے وقف کر رکھی تھی۔

مقررین نے کہا کہ علامہ جوہر براہوئی کو اپنی مادری زبان براہوئی سے بے پناہ محبت تھی۔ ان کی شاعری میں شاہ عبداللطیف بھٹائی اور تاج محمد تاجل کی صوفیانہ و فکری روایت کی جھلک نمایاں نظر آتی ہے۔ انہوں نے سفر، مشاہدات اور روحانی تجربات کو نہایت سادہ، مؤثر اور عام فہم اسلوب میں قلم بند کیا، جس کے باعث ان کی تحریریں عوام اور اہلِ علم دونوں میں یکساں مقبول ہوئیں۔ انہوں نے شاعری اور نثر کی تقریباً ہر صنف میں گراں قدر خدمات انجام دیں اور براہوئی ادب کو نئی جہتوں سے روشناس کرایا۔

اس موقع پر براہوئی اکیڈمی کی جانب سے علامہ جوہر براہوئی کی نئی شائع ہونے والی کتب کی باقاعدہ تقریبِ رونمائی بھی منعقد ہوئی، جن پر ممتاز براہوئی محققین اور ناقدین ادب نے تفصیلی تبصرے پیش کیے۔ سلطان احمد شاہوانی، سرجن ڈاکٹر محمد اعظم بنگلزئی، پروفیسر ڈاکٹر حفیظ سرپرہ، ڈاکٹر عبدالقیوم بیدار، شفقت علی عاصمی، پروفیسر شیر محمد سرپرہ، زاہد براہوئی، پروفیسر اکبر علی ساسولی، پروفیسر سلطان احمد عادل، حافظ سرور فاروق براہوئی اور بھاول نسیم بنگلزئی نے علامہ جوہر براہوئی کی مختلف علمی و ادبی تصانیف، جن میں سیرت النبی ﷺ، اللہ اکبر، تخلیق کار، زیدل زبادے، شادوزباد، گوربچ ٹی شکرنا پھل، لطیفی توار، کنے آن پد اور کتابِ رنگ شامل ہیں، پر تحقیقی و تنقیدی مقالات پیش کیے۔

منظوم خراجِ عقیدت پیش کرنے والوں میں سرمد براہوئی، محبوب زاد زہری، نبی بخش انجم، شاہین براہوئی، سفر ندیم زہری، اکبر نسیم محمد شہی، غلام نبی صیاد اور عبداللہ افلاکس شامل تھے، جنہوں نے اپنی شاعری کے ذریعے علامہ جوہر براہوئی کی شخصیت، خدمات اور فکری عظمت کو مؤثر انداز میں اجاگر کیا۔ بھاول نسیم بنگلزئی نے اپنے مقالے کے اختتام پر محبوب صیاد کی علامہ جوہر براہوئی کے حوالے سے لکھی گئی دلنشین نظم بھی پیش کی، جسے حاضرین نے بے حد سراہا۔

مقررین نے اس بات پر بھی زور دیا کہ علامہ جوہر براہوئی نے متعدد اہم علمی و تحقیقی کتابیں تصنیف کیں، قرآنِ مجید کی لغت سندھی زبان میں مرتب کی، براہوئی ادب کو نئی فکری جہتیں عطا کیں اور اپنی فکر و قلم کے ذریعے آنے والی نسلوں کے لیے ایسا علمی سرمایہ چھوڑا جو ہمیشہ اہلِ علم و ادب کے لیے مشعلِ راہ رہے گا۔ تقریب کے اختتام پر مہمانانِ گرامی، مقالہ نگاروں، شعراء اور دیگر شرکاء میں اعزازی شیلڈز، اسناد، کتب اور براہوئی ثقافت کی نمائندہ سوغات "براہوئی خیری" پیش کی گئیں۔ آخر میں علامہ جوہر براہوئی سمیت براہوئی زبان کے مرحوم شعراء، ادباء اور اہلِ قلم کے درجات کی بلندی، مغفرت اور بلندی درجات کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ اور مہمانانِ گرامی و شرکاء کے اعزاز میں براہوئی اکیڈمی کی جانب سے پرتکلف ظہرانہ بھی دیا گیا، جہاں علمی و ادبی شخصیات نے باہمی تبادلہ خیال کیا۔۔

آنکھوں میں رہا دل میں اتر کر نہیں دیکھا
کشتی کے مسافر نے سمندر نہیں دیکھا
بے وقت اگر جاؤں گا سب چونک پڑیں گے
اک عمر ہوئی دن میں کبھی گھر نہیں دیکھا
جس دن سے چلا ہوں مری منزل پہ نظر ہے
آنکھوں نے کبھی میل کا پتھر نہیں دیکھا
یہ پھول مجھے کوئی وراثت میں ملے ہیں
تم نے مرا کانٹوں بھرا بستر نہیں دیکھا
یاروں کی محبت کا یقیں کر لیا میں نے
پھولوں میں چھپایا ہوا خنجر نہیں دیکھا
محبوب کا گھر ہو کہ بزرگوں کی زمینیں
جو چھوڑ دیا پھر اسے مڑ کر نہیں دیکھا
خط ایسا لکھا ہے کہ نگینے سے جڑے ہیں
وہ ہاتھ کہ جس نے کوئی زیور نہیں دیکھا
پتھر مجھے کہتا ہے مرا چاہنے والا
میں موم ہوں اس نے مجھے چھو کر نہیں دیکھا

ریفارمز لٹریری سوسائٹی کے زیراہتمام کتاب کی تقریب رونمائی اور محفل مشاعرہ

ریفارمز لٹریری سوسائٹی کے زیراہتمام کتاب کی تقریب رونمائی اور محفل مشاعرہ منعقد کیا گیا یہ تقریب اکادمی ادبیات پاکستان

کوئٹہ، بلوچستان میں منعقد کی گئی جس کی صدارت جمعیت علماء اسلام کے رہنما اور رکن صوبائی اسمبلی روی کمار نے کی مہمانخاص جناب ارسلان فیاض عمران کامل ہاشمی تھے

پروگرام کا آغاز باقاعدہ تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت، شاہ محمد شامی نے حاصل کی پروگرام کے فرائض احمد وقاص کاشی نے سرانجام دئے صاحب صدر نے

اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا مجھے بہت خوشی ہوئی کہ سرزمین بلوچستان میں شعراء کرام زبان وادب کی خدمت میں کوشاں ہیں انہوں نے بلوچستان کو نہ صوبائی بلکہ قومی سطح پر منوانے میں جو کردار ادا کر رہے ہیں جس بلوچستان کا نام روشن کر رہے ہیں انہوں نے بلوچستان ریفارمز لٹریری سوسائٹی کے زہر اہتمام ممتاز شاعرہ روہما

ہاشمی کی کتاب کی تقریب رونمائی شایان شان طریقے سے منایا ھیان کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں تقریب میں ریفارمز لٹریری سوسائٹی کے صدر جناب شاہ محمد شامی، عجب سائل، آکادمی ادبیات پاکستان کوئٹہ کے چیرمین جناب عبدالقیوم بیدار، بزم صائم کے چیرمین محترمہ تسنیم صنم، جہاں آراء تبسم

ڈاکٹر فرحت عباس ملک محمد عاصم پروفیسر اکبر ساسولی نے بھی روہما ہاشمی کو انکی انگریزی میں شاعری مجموعہ پر مبارکباد پیش کی، تقریب رونمائی کے بعد محفل مشاعرہ منعقد ہوا ان میں جن شعراء کرام نے اپنے کلام پیش کئیان نرگس ندیم، اکبر ساسولی، عزیز حاکم، فارحیہ بتول، احمد شیر راحیل، شوکت امان، عسی رسولی، شاہ محمد شامی، فیصل ریحان، جہاں آراء تبسم، تسنیم صنم، عبدالقیوم بیدار، عمران ہاشمی شامل تھے آخر میں ریفارمز لٹریری سوسائٹی کی جانب سے تمام شعراکرام کو سند دیا گیا۔

☆☆☆☆

محبت نوحہءشبِ تاریک نہیں ہے

تحریر۔ رضا بلوچ

"محبت ایک پاک جذبہ اور عبادت ہے، جسے آج کل ایک مذاق اور فریب بنا دیا گیا ہے"۔ بظاہر یہ ایک سادہ سا جملہ ہے، لیکن اگر ہم عصرِ حاضر کے سماجی بگاڑ، اخلاقی تنزلی اور رشتوں کی بے ثباتی کا گہرا مائیکروسکوپک جائزہ لیں، تو یہ اقتباس اس مادی اور مشینی دور کا وہ نوحہ ہے جہاں جذباتی سچائیاں، وقتی مفادات کی بھینٹ چڑھ چکی ہیں۔ یہ ہمارے معاشرے کی دم توڑتی اخلاقیات پر ایک ایسا سنگین سوالیہ نشان ہے جس کا جواب ڈھونڈنا اب ناگزیر ہو چکا ہے۔

محبت ایک لازوال، بے لوث اور گہرا جذباتی لگاؤ ہے۔ یہ صرف دو انسانوں کے درمیان پیار، خلوص اور الفت کا نام نہیں، بلکہ یہ کائنات کو جوڑنے والا وہ جذبہ ہے جو خود کی ذات سے لے کر کائنات کی ہر شے تک محسوس کیا جا سکتا ہے۔

محبت کی چند اہم اقسام:

* عشق: محبت کی انتہا اور جنون کی کیفیت کو عشق کہا جاتا ہے۔
* خود سے محبت: اپنی ذات کو قبول کرنا اور اپنی قدر کرنا بھی محبت کی پہلی سیڑھی ہے۔
* انسانی رشتے: والدین، بہن بھائیوں اور دوستوں کے مابین شفقت اور خلوص کا رشتہ۔

ادب اور شاعری میں محبت کا مقام بہت بلند ہے۔ انسانی تاریخ، فلسفہ اور عالمی ادب گواہ ہیں کہ محبت ہمیشہ سے تہذیبوں کی روح اور کائنات کا اصل حسن رہی ہے۔ صوفیانہ روایات اور کلاسیکی فکر میں اسے محض ایک جبلت نہیں، بلکہ روح کی بالیدگی اور خدائی صفت مانا گیا ہے۔ صوفیائے کرام کے ہاں محبتِ مجازی (انسان سے پیار) دراصل محبتِ حقیقی (خالق سے لو لگانا) کا پہلا زینہ ہے۔ جب محبت میں خلوص، بے غرضی اور احترام شامل ہو، تو وہ واقعی عبادت بن جاتی ہے، جہاں انسان اپنی انا کو مٹا کر محبوب کی رضا میں گم ہو جاتا ہے۔ اردو ادب کے عظیم شاعر میر تقی میر نے کائنات کے اس الٰہی نظام کی عکاسی کرتے ہوئے کہا تھا:

عشق ہی عشق ہے جہاں دیکھو
سارے عالم میں بھر رہا ہے عشق

اور اسی جذبے کے پاکیزہ تقدس کو احمد ندیم قاسمی نے اپنے اس لافانی شعر میں یوں سمویا:

عبادت کی طرح ہم نے کیا ہے احترام اس کا
محبت کو محبت کی طرح رہنے دیا ہم نے

اور بقول ڈاکٹر لبنیٰ "عکس" صاحبہ:
"محبت اور عشق کے درمیاں یہ فرق ہے کہ محبت دو طرفہ ہوتی ہے، جبکہ عشق یک طرفہ ہوتا ہے"

بدقسمتی سے اکیسویں صدی کی مادی دوڑ، لبرل کنزیومرازم (Consumerism) اور سوشل میڈیا کے سستے گلیمر نے ہماری جذباتی گہرائی کو سطحی بنا دیا ہے۔ آج ہم ایک ایسے عالمی المیے یعنی "تھرو اوے کلچر" (Throwaway Culture) میں جی رہے ہیں جہاں چیزوں کی طرح انسانوں، جذبوں اور رشتوں کو بھی عارضی افادیت (Utility) کے تحت استعمال کر کے پھینک دیا جاتا ہے۔ نامور مصنفہ اور شاعرہ ڈاکٹر لبنیٰ عکس نے اسی فکری و جذباتی یکسوئی کو کیا خوبصورت انداز میں بیان کیا ہے:

یا تو ہوتا ہے یا نہیں ہوتا
عشق میں شائبہ نہیں ہوتا

مگر افسوس! آج کا انسان اسی 'شائبے'، شک اور عارضی پن کے گرد رشتوں کی بنیاد رکھ رہا ہے۔ جدید دور کے اسی المیے اور جذباتی کھوکھلے پن کو عبیداللہ علیم نے یوں محسوس کیا تھا:

وہ دور اور تھا کہ محبت تھی اک عبادت
اب تو یہ مشغلہ ہے، ضرورت ہے، کھیل ہے

اس "کھیل" کا سب سے بھیانک، تاریک اور شرمناک پہلو وہ گھناؤنا فریب ہے جس کا شکار آج کے معصوم اور جذباتی طور پر ناپختہ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں ہو رہے ہیں۔ ڈیجیٹل اسکرینز اور فیک آئی ڈیز کے پیچھے چھپے ہوئے نفسیاتی شکاری (Digital Predators)، محبت کے اس پاکیزہ نام کو ایک باقاعدہ "بلیک میلنگ انڈسٹری" اور "مالی لوٹ مار" کا ذریعہ بنا چکے ہیں۔ معصوم جذبات کا سودا کرنا، وفاداری کے کھوکھلے دعوے کر کے کسی کی عزت اور زندگی کو تماشہ بنا دینا، اور پھر مالی یا جنسی مفادات کے لیے بلیک میل کرنا بدترین اخلاقی دیوالیہ پن اور ضمیر کی موت ہے۔

محبت کے نام پر ہونے والا یہ کھلواڑ صرف ایک سماجی برائی نہیں، بلکہ ایک سنگین اخلاقی اور قانونی جرم ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ یہ ان لٹیروں کی ذہنی پستی اور کمینگی کا ثبوت ہے جو ایک مقدس جذبے کی آڑ میں اپنی ہوس اور مادی لالچ کی پیاس بجھاتے ہیں۔ اس گھناؤنے کھیل نے حقیقی رشتوں پر سے نوجوان نسل کا اعتبار ہی اٹھا دیا ہے، جس کے نتیجے میں معاشرے میں ڈیپریشن، شدید تنہائی اور نفسیاتی امراض کی ایک عالمی وبا پھیل رہی ہے۔ رشتوں کی اس منافقت اور بے حسی پر وسیم بریلوی کا یہ شعر بالکل صادق آتا ہے:

لوگ ملتے ہیں تو مٹنے کی دعا دیتے ہیں
آج کے دور میں تعویذِ وفا دیتے ہیں

ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ جب تک ہم اپنے خاندانی نظام، تعلیمی اداروں اور میڈیا کے ذریعے نوجوانوں کی اخلاقی تربیت نہیں کریں گے، جب تک رشتوں میں "خلوصِ دل"، "حیا"، "صبر" اور "احترام" کو واپس نہیں لائیں گے، تب تک محبت صرف ایک مادی کھلونا اور فریب کا آلہ بنی رہے گی۔ ہم سب کے لیے یہ لمحہ فکریہ ہے کہ اگر ہم نے اپنے جذباتی نظام کو اس ڈیجیٹل فریب سے پاک نہ کیا، تو ٹیکنالوجی کی اس چکا چوند میں ہماری انسانی روحیں ہمیشہ کے لیے پیاسی، کھوکھلی اور تنہا رہ جائیں گی۔

درحقیقت محبت ایک عظیم جذبہ ہے، قدرت کا عطیہ ہے اور نعمت ہے۔ محبت روح کی روشنی ہے، تازگی ہے۔ محبت دل میں اگنے والا ایسا سدا بہار پودا ہے جس پر کسی خزاں کا کبھی اثر نہیں ہوتا۔ محبت وہ اثر ہے جو ہمیشہ دل و دماغ پر چھایا رہتا ہے۔ محبت ہمیشہ قائم رہنے والا جذبہ ہے۔ محبت ایثار، قربانی، صبر و برداشت کا دوسرا نام ہے۔

کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

یہ محبت کی کہانی نہیں مرتی لیکن،
لوگ کردار نبھاتے ہوئے مر جاتے ہیں۔

محبت کو عام طور پر دو دلوں سودا بھی کہتے ہیں لیکن یہ ہرگز، ہرگز، ہرگز بھی کاروبار نہیں ہے۔ محبت تو امیدِ سحرِ روشن ہے، نوحہءشبِ تاریک نہیں ہے۔ محبت قول و اقرار کا نام ہے استفسار و انکار کا نہیں۔ لیہ کے ہمارے ایک رفیقِ عزیز نے ہمیں اک خوب صورت شعر سنایا تھا سو یاد آ گیا ہے:

"دل کو کہاں قبول دماغوں کے فیصلے،
دل تو محبتوں کے قبیلے کا فرد ہے"۔

لیہ کے جناب محمد خالد یوسفی صاحب نے کیا خوب کہا ہے کہ:

"محبت نوحہ شب تاریک نہیں ہے"،
زمیں کے اس سفر میں،
کوئی شے گر آسانی ہے، محبت ہے
محبت تو اجالا ہے، محبت نوحہ شب تاریک نہیں ہے
محبت روشنی ہے، محبت ابر بنتے آسماں کا اک ستارا ہے
محبت استعارہ ہے
جگنوؤں کے دیس کو جاتے سبھی رستے
شفق کے رنگ سارے، اور برستی بارشوں کے جلترنگ میں،
محبت کا ہی چہرہ ہے،
محبت نوحہ شب تاریک نہیں ہے،
سحر کی آنکھ میں آنسو نہیں ہے، یہ اجالا ہے، کہ جیسے دن نکلنے والا ہے، محبت صبح کا حوالہ ہے،
"محبت نوحہ شب تاریک نہیں ہے"۔

کوئٹہ، سابق وفاقی وزیر میر ہمایوں عزیز کرد نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی کے ہمراہ تقریب میں سردار احمد خان اچکزئی کو انکی لکھی ہوئی واشنگٹن سے بیجنگ تک کتاب کی رونمائی پر مبارکباد پیش کر رہے ہیں

کوئٹہ، کاکا شہید فاؤنڈیشن اور احمد خان ایجوکیشنل سسٹم کے زیراہتمام احمد خان اچکزئی کی کتاب واشنگٹن سے بیجنگ تک کی رونمائی تقریب سے سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی خطاب کر رہے ہیں

نظم "گزارش" ڈاکٹر شمائلہ آفرین نظر

گزارش ہے
میری تم سے
ذرا تم سامنے آؤ
میری بے چین
آنکھوں کو
جھلک اپنی
میری بے رنگ
دنیا
بھی
سنو تھوڑا سنور جائے
جو پیاسی ہیں میری سانسیں
محبت سے وہ بھر جائے
میں تھوڑی دیر جی تو لوں
شراب عشق پی تو لوں
تپش دل کی بجھا لوں میں
کہ تھوڑا مسکرا لوں میں
میرے دل کی جو حالت ہے
کہو کیسے بتاؤں میں
جو ہے بے تاب سی طبیعت
کہو کیسے چھپاؤں میں
نہ مجھ کو نیند آتی ہے
نہی ملتا سکوں پل بھر
نہ خواہش کچھ بھی کھانے کی
عجب حالت ہوء دلبر
نہ آؤگے اگر ملنے
تو شاید جان بھی جائے
جو آئے نیند تربیت میں
سکوں یہ دل بھی پائے

کوئٹہ، کاکا شہید فاؤنڈیشن اور احمد خان ایجوکیشنل سسٹم کے زیراہتمام احمد خان اچکزئی کی کتاب واشنگٹن سے بیجنگ تک کی رونمائی تقریب میں اسٹیج پر نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی، مولانا محمد شیرانی، نواب غوث بخش باروزئی، ڈاکٹر لعل محمد کاکڑ، پروفیسر فائزہ میر، احمد خان اچکزئی، سرور جاوید، عبدالمتین اخوندزادہ اور جہاں آراء تبسم بیٹھے ہیں

بقیہ 1

[illegible]

بقیہ 2

[illegible]

بقیہ 3

[illegible]

بقیہ 4

[illegible]

بقیہ 5

[illegible]

بقیہ 6

[illegible]

بقیہ 7

[illegible]

احکام کے لیے مؤثر میڈیا پالیسی مرتب کی جائے، اخبارات کو ان کا جائز حق دیا جائے، ادیبوں اور شعراء کی سرپرستی کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں، کتابوں کی اشاعت، ادبی میلوں، مشاعروں اور ادبی نشستوں کی [illegible] حوصلہ افزائی کی جائے۔

بقیہ 8

[illegible]

بقیہ 9

[illegible]

بقیہ 10

[illegible]

بقیہ 11

[illegible]

بقیہ 12

[illegible]

بقیہ 13

[illegible]

بقیہ 14

[illegible] آئی ٹی حب اور کمپیوٹر لیب سمیت دیگر منصوبے شامل ہیں، جبکہ بلوچستان سکلز ڈویلپمنٹ انسٹیٹیوٹ (BSDI) کے تحت مزید ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے، بریگیڈیئر فاروق اشرف نے کہا کہ علاقے کی ترقی، نوجوانوں کے لیے مواقع پیدا کرنے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے تمام متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں، اس موقع پر نیشنل پریس کلب کوہلو کے وفد نے امن و امان کے قیام، ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے ایف سی کمانڈنٹ میوند رائفلز بریگیڈیئر فاروق اشرف کی کاوشوں کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ ایف سی بلوچستان آئندہ بھی علاقے کی بہتری، ترقی اور عوامی خدمت کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی

بقیہ 15

ریلہ گزرنے تک بچاؤ بند پر شہری گشت کرتے رہے۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ حکومت بلوچستان اور پی ڈی ایم اے کی جانب سے فلڈ الرٹ جاری کیا گیا لیکن افسوس کہ فلڈ الرٹ جاری ہونے کے باوجود بھی محکمہ اریگیشن سبی کے ذمہ داروں کے کانوں تک جوں تک نہیں رینگی اور تحصیل لہڑی کے علاقہ کینوں کو محکمہ اریگیشن سبی نے سیلابی ریلوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا۔ شہریوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس سے قبل 2010 اور 2022 کے سیلاب میں بھی تریہڑ کے بچاؤ بند کو شگاف لگا تھا جس سے سیلاب کا پانی تریہڑ شہر میں داخل ہوا۔ سیلاب کے باعث پورا شہر ملیا میٹ ہو گیا، شہریوں کا سارا سامان سیلاب اپنے ساتھ بہا کر لے گیا۔ رہائشی افراد نے اونچے ٹیلوں پر چڑھ کر اپنی جان بچائی انہوں نے کہا کہ اس وقت بھی حکومت کی جانب سے سیلاب متاثرین کو کوئی ریلیف فراہم نہیں کیا گیا۔ شہریوں نے اپنی مدد آپ کے تحت شہر کو دوبارہ آباد کیا۔ قرضے لیکر گھر تعمیر کیے شہریوں نے کہا کہ 2022 کے سیلاب کے بعد ہمارے حلقے کے ایم پی اے مرحوم سردار سرفراز خان ڈومکی نے تریہڑ شہر کے بچاؤ بند کی بحالی کیلئے کروڑوں روپے کا فنڈ جاری کیا لیکن افسوس کہ ایکسین اریگیشن سبی اور متعلقہ ٹھیکیدار کی گٹھ جوڑ کے باعث بچاؤ بند کی بحالی کیلئے مختص فنڈ کرپشن کی نذر ہو گئی اور شہریوں نے اپنی مدد آپ کے تحت شگاف کو پر کیا تھا۔

بقیہ 16

قانونی اقدامات کیے گئے اور مجموعی طور پر مختلف علاقوں سے 48 افراد کو گرفتار کیا گیا، جن میں سے 35 افراد کو جیل منتقل کر دیا گیا، جبکہ متعدد دکانداروں کو سخت وارننگ جاری کی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر صدر محمد یوسف ہاشمی نے نواں کلی اور عالمو چوک میں کارروائیاں کرتے ہوئے 12 افراد کو گرفتار کیا۔ جبکہ اسسٹنٹ کمشنر سٹی اور اسپیشل مجسٹریٹ اعجاز حسیب کھوسہ نے گوالمنڈی اور کاسی روڈ پر کارروائیاں کرتے ہوئے 14 افراد کو گرفتار کیا اس کے علاوہ اسسٹنٹ کمشنر کچلاک، کیپٹن (ر) کبیر زرکون نے کچلاک بازار میں کارروائی کرتے ہوئے 10 افراد کو گرفتار کیا اور اسسٹنٹ کمشنر سریاب مصور احمد اچکزئی اور اسپیشل مجسٹریٹ عزت اللہ نے سب ڈویژن سریاب میں کارروائیاں کرتے ہوئے 12 افراد کو گرفتار کیا۔

بقیہ 17

سے بھی آگاہ کیا۔ ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ترقیاتی منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کر رہی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبوں کی بروقت تکمیل کے ساتھ تعمیراتی معیار پر بھی کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے تاکہ عوام ان منصوبوں کے ثمرات سے جلد مستفید ہو سکیں۔ اپنے دورے کے دوران صوبائی وزیر نے مختلف خاندانوں سے ملاقات کر کے ان کے عزیز و اقارب کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا، مرحومین کے لیے مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر و استقامت کی دعا کی۔ بعد ازاں، ظہور احمد بلیدی نے مقامی سماجی شخصیت و ٹھیکیدار حاجی صالح کی رہائش گاہ پر منعقدہ ظہرانے میں شرکت کی

بقیہ 18

بریفنگ دی۔ بریفنگ کے دوران ریسکیو افسران ریحانہ یاسمین، سحر مظہر اور سنگیتا نے وفد کو ریسکیو 1122 کی ایمرجنسی سروسز، قدرتی آفات، ٹریفک حادثات، آگ لگنے کے واقعات اور دیگر ہنگامی حالات میں ادارے کے کردار سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سول سوسائٹی ایسوسی ایشن آف پاکستان کے چیئرمین سعید راجپوت نے کہا کہ ریسکیو 1122 موجودہ دور میں قدرتی آفات اور ہنگامی حالات سے نمٹنے والا ایک نہایت اہم قومی ادارہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں اور قدرتی آفات میں مسلسل اضافے کے پیش نظر ریسکیو 1122 کو جدید ترین آلات، ٹیکنالوجی، تربیت اور دیگر ضروری سہولیات سے مزید مستحکم کیا جانا چاہیے تاکہ عوام کو بروقت اور مؤثر امدادی خدمات فراہم کی جا سکیں

بقیہ 19

(بلاننگ) عرفان علی نے مختلف منصوبوں پر پیش رفت سے آگاہ کیا جبکہ سب ڈویژنل افسر محمد صدیق زہری اور محمد رفیق ابڑو بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے زیر تعمیر گرلز کالج، طبی مرکز اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز کی رہائش گاہوں کا معائنہ کرتے ہوئے واضح کیا کہ تمام منصوبے اعلیٰ معیار کے مطابق مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں تاکہ عوام کو جلد از جلد سہولیات میسر آ سکیں۔ انہوں نے انجینئرز کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کاموں کی خود نگرانی کریں، معیار اور رفتار پر خصوصی توجہ دیں اور کسی بھی قسم کی غفلت یا تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 20

انسانی مشکلات کے پیش نظر الخدمت فاؤنڈیشن نصیر آباد کی امدادی ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی۔ رضا کاروں نے سیلاب سے متاثرہ خاندانوں میں پکا پکایا کھانا تقسیم کیا اور خواتین، بچوں اور بزرگوں سمیت متاثرین کی ضروریات کا جائزہ لیا۔ الخدمت فاؤنڈیشن کے رضا کاروں نے متاثرین کو یقین دلایا کہ مشکل کی اس گھڑی میں انہیں تنہا نہیں چھوڑا جائے گا اور امدادی سرگرمیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔ تنظیم کی جانب سے ضرورت کے مطابق مزید خوراک، صاف پانی اور دیگر امدادی سامان کی فراہمی کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں

بقیہ 21

سرکاری نرخ ناموں کی دستیابی اور دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ سرکاری نرخ نامے نمایاں جگہ پر آویزاں کیے جائیں اور اشیائے خورونوش مقررہ نرخوں پر فروخت کی جائیں۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو بازار میں صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت بھی جاری کی۔ اس موقع پر انتظامیہ نے واضح کیا کہ ناجائز منافع خوری، ذخیرہ اندوزی اور سرکاری احکامات کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، جبکہ عوامی مفاد کے تحفظ کے لیے ایسے معائنے باقاعدگی سے جاری رہیں گے۔

بقیہ 22

مین ہولز کی تعمیر سے شہری انفراسٹرکچر میں بہتری آنے اور سڑکوں وگلیوں میں سیوریج سے متعلق مسائل میں کمی کی توقع ظاہر کی جا رہی ہے۔ دوسری جانب میونسپل کمیٹی کی جانب سے شہر بھر میں صفائی مہم بھی تیز کر دی گئی ہے۔ سینٹری عملہ روزانہ کی بنیاد پر گلیوں، محلوں، بازاروں، چوک چوراہوں، نالیوں اور سیوریج لائنوں کی صفائی اور کچرے کی بروقت منتقلی میں مصروف ہے۔ صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے مختلف علاقوں میں خصوصی نگرانی بھی کی جا رہی ہے۔ عوامی حلقوں نے صفائی مہم اور نئے مین ہولز کی تعمیر کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ ان اقدامات سے شہر میں صفائی نکاسی آب اور مجموعی شہری انفراسٹرکچر میں بہتری آئے گی۔

بقیہ 23

کلو 120 گرام چرس برآمد تفصیلات کے مطابق ایس۔ ایس۔ پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم پیشہ عناصر و انسداد منشیات مہم کے حوالے سے کارروائی برخلاف منشیات فروشان کی خصوصی ہدایت پر انچارج CIA لسبیلہ جان محمد جاموٹ نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ دوران گشت کامیاب کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے دو منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا اور ان کے قبضہ منشیات برآمد منشیات فروش سبزل ولد خیر محمد قوم لانگو سکنہ محلہ ریسٹ ہاس بیلہ کو محلہ ریسٹ ہاس موچکو قبرستان بیلہ کے مقام سے گرفتار کیا اور دوران تلاشی ملزم کے قبضہ سے 520 گرام چرس برآمد جبکہ دوسری کارروائی میں منشیات فروش عامر ولد بچل قوم سرمستانی سکنہ گرلز کالج بیلہ کو بائی پاس روڈ اریگیشن چوک بیلہ کے مقام سے گرفتار کیا۔ ملزم کی تلاشی کے دوران اس کے قبضہ سے 600 گرام چرس برآمد کر لیا گرفتار متذکرہ بالا منشیات فروشان/ملزمان کے خلاف تھانہ بیلہ میں مقدمات نمبر 44/2026 و 45/2026 بجرم نارکوٹکس ایکٹ کے تحت درج کیے گئے ہیں۔ ملزمان سے بیلہ پولیس نے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

بقیہ 24

تمام مطالبات وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے سامنے پیش کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ ہمارا شہر ہے اور اس کے مسائل کا حل بھی ہماری ذمہ داری ہے، حکومت شہریوں کو درپیش بنیادی مسائل کے حل کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت عوامی مسائل کے حل کے لیے کوشاں ہے اور واٹر سپلائی کے معاملے کو ترجیحی بنیادوں پر دیکھا جا رہا ہے۔ دوسری جانب واٹر ٹینکرز ایسوسی ایشن کے صدر نجیب ترین نے کہا کہ حکومتی یقین دہانی کے بعد ہڑتال ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان اور حاجی ولی محمد نورزئی کے شکر گزار ہیں جنہوں نے ٹینکر مالکان کے مسائل سنے۔ واٹر سپلائی ایسوسی ایشن کے صدر جمیل اچکزئی نے بھی مذاکرات میں تعاون پر حکام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ مطالبات کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے

بقیہ 25

کے مطابق فیصلے کرتے ہیں انہیں نشانہ بنانا محض ایک فرد پر حملہ نہیں بلکہ پورے نظام انصاف اور قانون کی بالادستی پر حملہ ہے انہوں نے اپنے سخت ردعمل میں کہا کہ سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کی ٹارگٹ کلنگ ایک سوچی سمجھی سازش معلوم ہوتی ہے جس کا مقصد انصاف فراہم کرنے والے جج صاحبان کو خوفزدہ کرنا اور انہیں اپنے آئینی و قانونی فرائض کی انجام دہی سے روکنا ہے یہ واقعہ ان تمام ججوں کے لیے ایک دھمکی آمیز پیغام ہے جو حق اور انصاف کے مطابق فیصلے کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت آخر اپنی ناکامیوں کو کب تک چھپاتی رہے گی جب حکومتی عہدیداروں، وزراء اور دیگر اہم شخصیات کے لیے سخت ترین سیکیورٹی انتظامات کیے جا سکتے ہیں تو پھر جج صاحبان کی جان و مال کا تحفظ کس کی ذمہ داری ہے اگر انصاف فراہم کرنے والے خود غیر محفوظ ہیں تو عام شہری کے تحفظ کا اندازہ بخوبی لگایا جا سکتا ہے سردار یار محمد رند نے مطالبہ کیا کہ اس المناک واقعے میں ملوث قاتلوں، سہولت کاروں اور پس پردہ عناصر کو فوری طور پر گرفتار کر کے قوم کے سامنے لایا جائے اور انہیں عبرتناک سزا دی جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی قانون اور انصاف کے محافظوں کی جان سے کھیلنے کی جرات نہ کر سکے انہوں نے کہا کہ ہم شہید سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور اس دکھ کی گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑے ہیں اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلند فرمائے، لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

بقیہ 26

کے قیام، امن کی ضرورت، دہشت گردی بدامنی کے خلاف کتبے اٹھا رکھے تھے۔ اس موقع پر خصوصی خطاب کرتے ہوئے صوبائی امیر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج وہ پانی، بجلی، تعلیم، علاج یا روزگار نہیں بلکہ عوام کے لیے جینے اور تحفظ کا حق مانگنے آئے ہیں۔ ہم بلوچستان کو امن دو مہم چلا رہے ہیں ہم نے امن امان سمیت جائز حقوق کیلئے ایک سال پہلے کوئٹہ سے اسلام آباد لانگ مارچ کیا حکمرانوں نے مطالبات ماننے کا وعدہ کیا لیکن ایک سال گزرنے کے باوجود ہمارے قومی اجتماعی مطالبات نہیں مانے گئے اگر لانگ مارچ کے مطالبات مان لیے جاتے تو آج بلوچستان بارود پر نہ کھڑا ہوتا۔ بلوچستان سے ایف سی کو بیدخل کر کے اختیارات و وسائل پولیس ولیویز کو دیے جائیں امن کی بحالی کیلئے ایف سی کو کاروبار، بھتہ خوری سے ہٹانا ہو گا۔ آج بلوچستان میں ہر جگہ عوام، لیویز و پولیس والے غیر محفوظ ہیں صرف ہماری حفاظت کیلئے متعین کاروبار و بھتہ خوری میں مصروف ہیں تین چار دیواری کے اندر آرام کرنے والی ایف سی محفوظ ہیں۔ پولیس ولیویز والے نہتے عوام غیر محفوظ ہیں جبکہ حکمران صرف اپنی سیکورٹی تک محدود ہیں۔ ریاستی اداروں کو دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مؤثر کردار ادا کرنا چاہیے اور عوام کو تحفظ فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ایف سی سے پولیس اور کسٹمز کے اختیارات واپس لیے جائیں، متعلقہ افسران کے خلاف کارروائی کی جائے اور بلوچستان میں امن و امان کی ذمہ داری مقامی پولیس کو سونپی جائے۔ اگر عوام کو مؤثر سیکیورٹی فراہم کی جائے تو بلوچستان میں حالات بہتر ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے دہشت گردی کے واقعات کی مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے اور شاہراہوں کو محفوظ بنایا جائے

بقیہ 27

اب تک گیارہ سو سے زیادہ فلسطینی شہید اور چار ہزار کے قریب زخمی ہو چکے ہیں۔ فلسطینی وزارت صحت کا کہنا تھا کہ آٹھ سو سے زیادہ لاشیں مختلف مقامات سے برآمد کی گئی ہیں۔ علاوہ ازیں مغربی کنارے سے 66 فلسطینیوں کو گرفتار کر لیا گیا۔

بقیہ 28

تباہ کرنے اور 15 روز میں 200 امریکیوں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ پاسداران انقلاب کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل حسین محبی نے انٹرویو میں کہا کہ امریکی دفاعی نظام اتنا کمزور ہو چکا ہے کہ ایران کے ڈرون اور میزائل کسی رکاوٹ کے بغیر اہداف تک پہنچ رہے تھے۔ ایران نے امریکی اہداف پر حملوں کے دوران 8 فوجی تعیناتی مراکز کو نشانہ بنایا جبکہ ایک مقام پر 20 پناہ گاہیں تباہ کی گئیں۔ ایران نے کہا کہ اسرائیل کو خبردار کیا کہ اسرائیل جنگ میں پھر سے شامل ہوا تو آفت کا سامنا کرنے کے لیے تیار رہے

بقیہ 29

کی مجموعی سیاسی صورتحال، بالخصوص بلوچستان میں امن و امان، سیاسی استحکام اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران بلوچستان میں پائیدار امن، عوامی فلاح و بہبود اور صوبے کی ہمہ جہت ترقی کے لیے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر دہشت گردی کے خاتمے، امن کے قیام، عوام کو بنیادی سہولیات کی بہتر فراہمی اور ترقیاتی عمل کو مزید مؤثر بنانے سے متعلق مختلف تجاویز پر بھی غور کیا گیا۔ نواب جنگیز خان مری نے صدر مملکت کو بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل، ترقیاتی ضروریات اور امن و استحکام کے لیے مقامی سطح پر کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا

بقیہ 30

دفن کر چکے ہیں، پاکستان آج جن پریشانیوں کا شکار ہے بانی پی ٹی آئی کی وجہ سے ہے، بانی پی ٹی آئی کے چھوڑے دہشتگرد بلوچستان اور دیگر علاقوں میں دہشتگردی کر رہے ہیں، بھارت اور اسرائیل کا گٹھ جوڑ بھی اس میں شامل ہے۔ یہاں گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ نواز شریف نے جس طرح 2013 میں دہشتگردی کا خاتمہ کیا، ان شاءاللہ اب بھی مسلم لیگ (ن) کی حکومت اس ناسور کا جڑ سے خاتمہ کرے گی، ہماری مسلح افواج ایک ایک فتنہ الخوارج اور فتنہ ہندوستان کو جہنم واصل کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا مولانا فضل الرحمٰن سے متعلق اتنا کہوں گا کہ ان کی اپنی سیاست اور اپنا بیانیہ ہے، مولانا فضل الرحمٰن زیرک سیاستدان ہیں، انہوں نے کبھی پاکستان کے خلاف بات نہیں کی، حکومت بھی کوئی ایسا قدم نہیں اٹھا رہی جس سے سیاسی مسائل بڑھیں

بقیہ 31

کا تجویز کردہ سمارٹ فون استعمال کرنا لازم قرار دے دیا گیا۔ اوگرا کے تجویز کردہ موبائل فونز میں خصوصی موبائل ایپ دستیاب کی گئی ہے، فلنگ اسٹیشنز کو اوگرا کا تجویز کردہ مخصوص کمپنی کا اسمارٹ فون استعمال کرنے کا پابند کر دیا گیا ہے، پیٹرول پمپ کے لیے دو اسمارٹ فون لازمی قرار دیے گئے ہیں۔ متعلقہ آئل مارکیٹنگ کمپنی ڈیجیٹل مانیٹرنگ کے میکانزم پر عمل درآمد کرانے کی پابند ہو گی، مخصوص کمپنی کے تیار کردہ سمارٹ فونز کے لئے پمپ مالکان کو 27 ہزار روپے فی کس ادا کرنا پڑے ہیں۔ ڈیجیٹل نگرانی سے تیل کی مصنوعی قلت، ذخیرہ اندوزی، اسمگلنگ اور اسٹاک میں ہیر پھیر کی روک تھام ہو گی، مستقبل میں کسی بھی سبسڈی پروگرام کو زیادہ شفاف انداز میں چلانے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔

بقیہ 32

گیا کہ ایران نے پاکستان کو آگاہ کیا کہ مذاکرات مفاہمتی یادداشت کے تحت جاری رہنے چاہئیں۔ ذرائع نے بتایا کہ ایران چاہتا ہے کہ مذاکرات پہلی سطح پر آبنائے ہرمز پر ہوں، دوسرے مرحلے میں ان کے منجمد اثاثوں اور آخری سطح پر جوہری پروگرام پر مذاکرات ہوں۔ بتایا گیا کہ پاکستان کو ایران نے بتایا ہے کہ وہ آبنائے ہرمز سے ایک نئی راہداری بنانے کے اقدام کو مسترد کرتا ہے۔ واضح رہے کہ امریکا اور ایران نے 17 جون 2026 کو اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے تھے اور اس کے تحت پہلے سوئٹزرلینڈ میں دونوں ممالک کے اعلیٰ سطح کے عہدیداروں کے درمیان 40 سال بعد براہ راست مذاکرات ہوئے تھے۔ پاکستان اور قطر کی میزبانی میں سوئٹزرلینڈ میں ایران اور امریکا کے مذاکرات کے موقع پر وزیر اعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر اور قطر کے وزیر اعظم محمد بن عبدالرحمان بن جاسم آل ثانی موجود تھے جبکہ ایران کے وفد کی سربراہی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف کر رہے تھے اور دیگر اراکین میں وزیر خارجہ عباس عراقچی اور دیگر عہدیدار شامل تھے، اسی طرح امریکی وفد کی سربراہی نائب صدر جے ڈی وینس کر رہے تھے

بقیہ 33

اور امن کو ووٹ دیں۔ 27 جولائی میرپور ڈویژن میں انتخابات کے پہلے مرحلے کے سلسلے میں اپنے خصوصی پیغام میں چیئرمین نے کہا کہ آزاد جموں و کشمیر کے عوام کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، 27 جولائی کو تیر پر مہر لگائیں۔ انہوں نے کہا کہ میرپور کے عوام نے منگلا ڈیم کے لیے اپنی زمینیں اور گھر قربان کیے اور ان کی اسی قربانی سے پورا پاکستان روشن ہوا، اس کے علاوہ اوورسیز کشمیریوں نے اپنی محنت اور ترسیلات زر سے پاکستان کی معیشت کو مضبوط کیا ہے، جب بھی پاکستان کو مشکل وقت کا سامنا کرنا پڑا، میرپور کے لوگ ہمیشہ سب سے آگے رہے، یہی وجہ ہے کہ کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ اس چمن پر کشمیریوں کا پورا حق نہیں؛ اس کے وسائل، فیصلوں اور مستقبل پر یہاں کے عوام کا برابر کا حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میرپور پر کوئی احسان نہیں کر رہا بلکہ یہ میرپور کا قرض ہے اور کشمیری عوام کو بھی وہی تمام حقوق ملنے چاہئیں جو ہر عام پاکستانی شہری کا بنیادی حق ہیں، جن میں حق حاکمیت، حق ملکیت اور حق روزگار شامل ہیں

بقیہ 34

زرداری کی عوام، جمہوریت اور وفاق پاکستان کے لیے خدمات قابل قدر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صدر مملکت کی مدبرانہ قیادت ملک میں جمہوری استحکام، آئینی بالادستی اور قومی مفاہمت کی علامت بن چکی ہے۔ وزیر اعلیٰ ہاؤس سے جاری بیان کے مطابق سید مراد علی شاہ نے کہا کہ آصف علی زرداری نے اپنی پوری سیاسی زندگی میں جمہوریت، پارلیمان کی بالادستی اور وفاق کے استحکام کے لیے مسلسل جدوجہد کی۔ انہوں نے کہا کہ ہر مشکل اور آزمائش کے موقع پر صدر آصف علی زرداری نے صبر، دانش، برداشت اور مفاہمت کا راستہ اختیار کیا، جس کے نتیجے میں ملک میں جمہوری عمل کو مضبوطی ملی اور قومی سیاست میں توازن پیدا ہوا۔ انہوں نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری کی قیادت نے پاکستان میں جمہوری اور آئینی عمل کو نئی جہت دی جبکہ ان کا تاریخی نعرہ "پاکستان کھپے" قومی اتحاد، امید اور یکجہتی کی علامت بن گیا

بقیہ 35

پہلے مرحلے میں میرپور ڈویژن کے 3 اضلاع میرپور، کوٹلی اور بھمبر کے 13 حلقوں میں پولنگ 27 جولائی کو ہو گی۔ ان حلقوں میں رجسٹرڈ ووٹرز کی مجموعی تعداد 14،01،439 ہے جن میں 7،25،118 مرد اور 6،75،628 خواتین ووٹرز شامل ہیں۔ میرپور ڈویژن میں مجموعی طور پر 2،454 پولنگ اسٹیشن قائم کیے گئے ہیں جن میں ضلع میرپور کے 4 حلقوں میں 597، ضلع کوٹلی کے 6 حلقوں میں 1،107 اور ضلع بھمبر کے 3 حلقوں میں 608 پولنگ اسٹیشن شامل ہیں۔ میرپور ڈویژن کے 13 حلقوں میں مسلم لیگ (ن)، پاکستان پیپلز پارٹی، استحکام پاکستان پارٹی سمیت مختلف جماعتوں اور آزاد حیثیت سے مجموعی طور پر 296 امیدوار میدان میں ہیں۔ ایل اے 3 میرپور، ایل اے 6 بھمبر اور ایل اے 10 کوٹلی میں پیپلز پارٹی، (ن) لیگ اور استحکام پاکستان پارٹی میں کانٹے کے مقابلے کی توقع ہے، یاد رہے کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان نے آزاد کشمیر انتخابات میں مسلم لیگ ن کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے۔

بقیہ 36

جان و مال کا تحفظ حکومت کی آئینی اور انتظامی ذمہ داری ہے۔ اس ضمن میں گورنر جعفر خان مندوخیل نے کہا، اہم قومی شاہراہوں اور تجارتی راستوں کو محفوظ بنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل کو متحرک کیا جا رہا ہے۔ ان میں چمن سے کراچی، تفتان سے کوئٹہ، اور کوئٹہ سے جیکب آباد اور ژوب تک کے راستے شامل ہیں۔ صوبہ میں تمام قومی شاہراہیں تجارت، ٹرانسپورٹیشن، رابطے اور علاقائی انضمام کیلئے بہت اہم ہیں۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ یہ حقیقت ہے کہ بدامنی اور عدم استحکام کا سب سے بڑا خمیازہ ہمارے صوبے کے اپنے عام لوگ ہی اٹھاتے ہیں۔ ہمیں خوب احساس ہے کہ اس وقت ہماری تاجر برادری، زمینداران اور چھوٹے کاروباری حضرات گوں ناگوں مسائل و مشکلات سے دوچار ہیں جو براہ راست صوبہ کی معیشت اور ترقی کو متاثر کرتے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ پائیدار امن وسیع تر معاشی اور سماجی ترقی کی بنیاد ہے۔ اقتصادی ترقی، سیاسی استحکام، نئی سرمایہ کاری، ملازمتوں کی تخلیق اور بلوچستان کی مجموعی خوشحالی سب کا انحصار ایک پُرامن، محفوظ اور ترقی یافتہ بلوچستان پر ہے

بقیہ 37

ضوابط اور تنظیمی نظم و ضبط کی خلاف ورزی پر آزاد جموں و کشمیر سے تعلق رکھنے والے پارٹی رہنما سید شجاعت علی کی بنیادی رکنیت فوری طور پر منسوخ کر دی ہے۔ سید شجاعت کاظمی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار بشر منیر اعوان برائے حلقہ نمبر LA-30 مظفر آباد کے مدمقابل آزاد حیثیت میں الیکشن لڑنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سید شجاعت علی پر پاکستان پیپلز پارٹی کے آئین اور تنظیمی نظم و ضبط کی خلاف ورزی ثابت ہونے پر یہ فیصلہ کیا گیا۔ سیکرٹری جنرل سید نیر حسین بخاری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی میں پارٹی ڈسپلن اور آئین کی پاسداری ہر رکن پر لازم ہے، اور کسی بھی سطح پر نظم و ضبط کی خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پارٹی کے آئین اور اصولوں پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔ سید شجاعت علی کی بنیادی رکنیت فوری طور پر منسوخ کر دی گئی ہے اور یہ فیصلہ فوری طور پر نافذ العمل ہو گا۔

بقیہ 38

قومی شاہراہ پر نامعلوم مسلح افراد نے 5 گیس باؤزر کو روک کر انہیں آگ لگا دی جس سے باؤزر جل کر خاکستر ہو گئے تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی سیکورٹی فورسز اور پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور مزید کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 39

ساتھ کھڑے ہیں اور شہید سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ایسے واقعات ناقابل برداشت ہیں اور اس بزدلانہ واقعے میں ملوث ملزمان کو ہر صورت کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، جبکہ حکومت شہدا کے خاندانوں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی اور انہیں ہر ممکن تعاون اور سرپرستی فراہم کی جائے گی۔

بقیہ 40

2026 کے تحت سرکاری گزٹ کویت الیوم میں شائع ہوا ہے۔ معاہدے کے متن کے مطابق حکم نامہ 11 جون 2023 کو کویت میں طے پانے والے معاہدے کی منظوری دیتا ہے، تعاون کا مقصد دفاعی تعلقات کو مضبوط بنانا ہے۔ متن کے مطابق دونوں ممالک کے قوانین اور ضوابط اور ان کی بین الاقوامی ذمہ داریوں کے مطابق فوجی تربیت، تعلیم اور مسلح افواج میں تعاون کے لیے فریم ورک قائم کرنا ہے، باہمی اتفاق سے فوجی تربیت اور تعلیم، لاجسٹک تعاون، فوجی اہلکاروں کے تبادلے کا احاطہ شامل ہے۔ معاہدے میں تکنیکی ماہرین، سائنسی و تکنیکی تعاون، ملٹری انٹیلی جنس اور دیگر شعبوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ معاہدے پر عمل درآمد کے لیے دونوں ممالک ایگزیکٹو پروٹوکول اور پروگرام کے ذریعے سالانہ منصوبے تیار کریں گے۔ معاہدہ مختلف سطحوں پر سرکاری دوروں کے تبادلے کے ذریعے تعاون بڑھانے کا بھی بندوبست کرتا ہے۔ معاہدے پر عملدرآمد اور رابطہ کاری اور نگرانی کے لیے مشترکہ فوجی کمیٹی قائم کی جائے گی، دونوں ممالک کے وزرائے دفاع کی مقرر کردہ کمیٹی سال میں ایک بار اجلاس منعقد کریں گے

بقیہ 41

پر تازہ علاقائی پیش رفت پر بات چیت کی گئی اور خطے میں امن و استحکام کے لیے سفارت کاری جاری رکھنے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔

بقیہ 42

کے لیے قدرتی حفاظتی حصار کی حیثیت رکھتے ہیں اور ان کے مؤثر تحفظ اور بحالی کے ذریعے کاربن مارکیٹ سے سالانہ کروڑوں ڈالر کی آمدن حاصل کی جا سکتی ہے۔ عالمی یوم مینگروز کے موقع پر اپنے پیغام میں وفاقی وزیر نے کہا کہ مینگروز موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے ساحلی علاقوں کو محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، جبکہ یہ ماہی گیری کے شعبے کی ترقی کے لیے بھی انتہائی اہم ہیں کیونکہ مچھلی، جھینگوں اور کیکڑوں کی افزائش کے لیے قدرتی نرسری کا کردار ادا کرتے ہیں۔

بقیہ 43

ہسپتال کا افتتاح کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکس سے ملے اور دکھی انسانیت کی بھرپور خدمت کی تلقین کی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے او پی ڈی، مختلف وارڈز، ایم آر آئی۔ سی ٹی سکین رومز اور آپریشن تھیٹر کا معائنہ کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے جدید ہسپتال کو مختصر مدت میں مکمل کرنے پر آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) اور ان کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ ایف سی ہسپتال کو اتنی جلد فنکشنل دیکھ کر بہت خوشی ہوئی ہے۔ تربت میں علاج معالجے کی جدید سہولتوں سے آراستہ ہسپتال اشد ضرورت تھی۔ تربت کی مقامی آبادی کو بھی علاج معالجے کی یہ بہترین سہولت میسر ہو گی۔ اس موقع پر وزیر داخلہ محسن نقوی کو ایف سی ہسپتال میں فراہم کردہ طبی سہولتوں کے بارے بریفنگ دی گئی۔ آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) میجر جنرل بلال سرفراز خان نے وزیر داخلہ محسن نقوی کو فورس کی پیشہ وارانہ تربیت اور فیلڈ آپریشنز سے متعلق بریفنگ دی

بقیہ 44

اور شہری کی شہادت نہایت المناک اور دل سوز خبر ہے، آئے روز دہشتگردی اور بم حملوں کے واقعات قومی سلامتی اور عوام کے تحفظ کیلئے بہت بڑا خطرہ بن چکے ہیں۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں دہشتگردی کی شدید لہر کا مقابلہ کرنے کیلئے پوری قوم کو متحد ہونا ہو گا، قومی اتحاد، پیچیدہ مسائل کے حل کیلئے مکالمے، آئینی بالادستی، سیاسی، معاشی اور سماجی انصاف کی فراہمی سے مشروط ہے۔ انہوں نے کہا کہ وقت تیزی سے گزر رہا ہے، پاکستان کے دشمن ہم پر اندر سے حملہ آور ہیں، بدقسمتی سے ہماری توجہ ایک دوسرے کو رگیدنے اور طاقت کے ارتکاز پر مبذول ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان کو تسلیم کرنے والے ایک دوسرے سے برسر پیکار ہونے کی بجائے پاکستان کی سلامتی کو درپیش سنگین چیلنجز کا مقابلہ کریں، حکومتیں، ادارے، روزگار اور تحفظ وطن عزیز کے استحکام سے مشروط ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کی بقاء، استحکام اور ترقی کیلئے مخالفانہ اور کڑوی آوازوں کو سننا سمجھنا ہو گا

بقیہ 45

220 روپے فی لیٹر بنتی ہے، جبکہ اس کے بعد وصول کی جانے والی رقم میں مختلف ٹیکسز اور آئل کمپنیوں کے منافع شامل ہوتے ہیں۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے مفتاح اسماعیل نے کہا کہ حکومت آئل کمپنیوں کے منافع کے معاملے پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتی اور ہمیشہ ان کے مفادات کا تحفظ کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر موٹر سائیکل سواروں کے لیے پیٹرول کی قیمت میں 10 روپے فی لیٹر کمی کی بات کی جائے تو فوری طور پر آئی ایم ایف کا معاملہ سامنے آ جاتا ہے، حالانکہ ملک میں پیٹرول استعمال کرنے والوں کی بڑی تعداد موٹر سائیکل سواروں پر مشتمل ہے۔ مفتاح اسماعیل نے کہا کہ تقریباً 60 فیصد پیٹرول موٹر سائیکل سوار استعمال کرتے ہیں، لیکن ان سے تقریباً 120 روپے فی لیٹر ٹیکس وصول کیا جا رہا ہے، جس سے کم آمدنی والے طبقے پر اضافی مالی بوجھ پڑتا ہے اور مہنگائی میں مزید اضافہ ہوتا ہے۔

بقیہ 46

کنڈ خیر آباد میں دونوں دریاں کے سنگم پر نچلے درجے کا سیلاب ریکارڈ کیا گیا ہے، ضلعی انتظامیہ کے مطابق دریائے سندھ پر تربیلا ڈیم میں پانی کی آمد بڑھنے کے بعد ڈیم کے اسپل ویز کھول دیے گئے ہیں، جس کے باعث کنڈ خیر آباد کے مقام پر دریائے سندھ اور دریائے کابل کے سنگم پر پانی کی سطح بلند ہو گئی۔ انتظامیہ نے ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر دونوں دریاں کے کناروں پر آباد افراد کو آگاہ کرتے ہوئے شہریوں کو دریاں کے کناروں سے دور رہنے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔ دوسری جانب پشاور اور گردونواح میں دو روز کے وقفے کے بعد بارش کا سلسلہ دوبارہ شروع ہو گیا ہے۔ بارش کے ساتھ ہلکی ہوائیں بھی چل رہی ہیں جس سے موسم خوشگوار ہو گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بارشوں کا یہ سلسلہ 29 جولائی تک جاری رہنے کا امکان ہے۔

بقیہ 47

سیکورٹی صورتحال، حساس تنصیبات کو لاحق ممکنہ خطرات اور ماہ اگست کے دوران موصول ہونے والے سیکورٹی تھریٹس کے پیش نظر موبائل انٹرنیٹ سروس عارضی طور پر بند رکھنے کی تجویز زیر غور ہے۔ ذرائع کے مطابق حساس اداروں کی جانب سے محکمہ داخلہ کو پیش کی گئی رپورٹ میں نشاندہی کی گئی ہے کہ کوئٹہ، گردونواح اور بلوچستان کے متعدد اضلاع میں سیکورٹی کے حوالے سے ہائی الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں خدشہ ظاہر کیا گیا ہے کہ بعض شرپسند عناصر قومی اہمیت کے حامل ایام، بالخصوص یوم آزادی کی تقریبات کے دوران امن و امان کی صورتحال کو متاثر کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ انہی خدشات کی بنیاد پر موبائل ڈیٹا اور انٹرنیٹ سروس کی عارضی معطلی پر غور کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اگر متعلقہ اداروں کی سفارشات کو حتمی منظوری مل جاتی ہے تو اگست کے دوران مختلف اضلاع میں مرحلہ وار یا مکمل طور پر موبائل انٹرنیٹ سروس معطل کی جا سکتی ہے، جبکہ ضرورت پڑنے پر بعض علاقوں میں سروس کئی روز تک بند رکھنے کا بھی امکان موجود ہے۔ تاہم اس حوالے سے حتمی فیصلہ سکیورٹی اداروں، محکمہ داخلہ اور صوبائی حکومت کی مشاورت کے بعد کیا جائے گا

بقیہ 48

پاکستانی حکومت کو بلیک میل کر کے 25 ارب روپے وصول کیے۔ اپنے آبائی علاقے سیاسی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ وہ ایل اے 36 جموں 3 کے امیدوار کی حمایت میں آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 1947 میں لاکھوں مہاجرین خون کی لکیر عبور کر کے پاکستان پہنچے اور تقریباً اڑھائی لاکھ افراد نے اپنی جانوں کی قربانی دی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ان مہاجرین کی ہمیشہ مہمان نوازی کی گئی۔ وزیر دفاع نے کہا کہ گزشتہ 78 برسوں کے دوران انتخابات میں اختلافات اور تضادات سامنے آتے رہے تاہم اب جوائنٹ ایکشن کمیٹی بنا کر پاکستان میں آباد مہاجرین کے معاملے کو ایک اہم ایشو بنایا گیا ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ آزاد کشمیر اور پاکستان کی حکومتوں کی ذمہ داری ہے کہ متاثرہ علاقوں میں ترقیاتی کاموں کو یقینی بنایا جائے

بقیہ 49

متعلقہ فریقوں سے مسلسل مشاورت اور تعاون ناگزیر ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن اور لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے اشتراک سے منعقدہ چار روزہ قومی ٹیکس سیمینار سے خطاب کیا۔ وی ٹیکس سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان کے اصلاحاتی ایجنڈے، مالی سال 2026-27 کے بجٹ کی ترجیحات اور نئے ٹیکس آپریٹنگ ماڈل پر روشنی ڈالی خطاب میں پاکستان کی بہتر ہوتی ہوئی معاشی صورتحال، حکومت کے جاری ساختی اصلاحاتی ایجنڈے، مالی سال 2026-27 کے بجٹ کی ترجیحات اور نئے ٹیکس آپریٹنگ ماڈل کے نفاذ پر تفصیلی اظہار خیال کیا گیا۔ سیمینار میں صدر پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن احسان الحق شیخ، صدر لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن رانا ثاقب منیر، پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے سرپرست اور چیئرمین پاکستان ٹیکس بار اکیڈمی عبدالقادر میمن، مہمان خصوصی ممبر اپیلیٹ ٹریبونل اِن لینڈ ریونیو ظہور احمد، معروف ماہر معیشت ڈاکٹر ندیم الحق سمیت ملک بھر سے سینئر ٹیکس ماہرین، وکلاء، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس اور ٹیکس شعبے سے وابستہ افراد نے شرکت کی۔ مشیر نے کہا کہ پاکستان نے ذمہ دارانہ مالی نظم و ضبط اور مشکل مگر ناگزیر ساختی اصلاحات کے ذریعے معیشت کو مستحکم کرنے میں نمایاں پیش رفت کی ہے۔

بقیہ 50

مطلوب دہشتگردوں کی اطلاع، گرفتاری یا مؤثر معلومات دینے پر مالی انعام دیا جائے گا۔ اطلاع دینے والے شخص کی شناخت مکمل طور پر خفیہ رکھی جائے گی۔ مطلوب دہشتگردوں کے سروں کی قیمت 5 لاکھ روپے سے ایک کروڑ روپے تک مقرر کی گئی ہے، انعامی فہرست میں ڈی آئی خان، کلاچی، درازندہ، درابن، پروآ اور دیگر علاقوں کے مطلوب افراد شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق شہری دہشتگردوں اور فتنہ خوارج کی مشتبہ سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھیں۔

بقیہ 51

فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ملک سے دہشتگردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک اپنی کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رکھیں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے سیکیورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کو ناکام بنانے اور چار دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، غیر معمولی جرات اور بروقت کارروائی کو سراہا۔ شہباز شریف نے کہا کہ ہمارے بہادر جوانوں نے دشمن کے مذموم عزائم کو ناکام بنا کر ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ پاکستان کی سلامتی پر کوئی آنچ نہیں آنے دی جائے گی

بقیہ 52

کہ میرٹ پر بہترین تعلیمی اداروں میں داخلے کے مواقع بڑھائے جا رہے ہیں، نوجوانوں کو ڈیجیٹل اسکلز سے لیس کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نوجوانوں کو کٹے اور کٹیاں نہیں دیں گے، ہم نوجوانوں کو جدید تعلیم، لیپ ٹاپ اور سکلز دیں گے، مصنوعی ذہانت دنیا میں غیر معمولی تبدیلیاں لانے جا رہی ہے، سائنس اور تحقیق میں سرمایہ کاری مستقبل کو محفوظ بنائے گی۔ احسن اقبال نے کہا کہ جدت اور ایجادات سے دور قومیں ترقی کی دوڑ میں پیچھے رہ جائیں گی، نوجوانوں میں تحقیق اور اختراع کا جذبہ بیدار کرنا ضروری ہے، ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ قومیں ہی عالمی مقابلے میں کامیاب ہوں گی، آئندہ دہائی میں سائنسی ترقی قومی بقاء کے لیے ناگزیر ہے، مسلمانوں نے کبھی علم اور سائنس میں دنیا کی قیادت کی، قرآن مجید کائنات میں غور و فکر کی دعوت دیتا ہے، تحقیق اور علم کی روایت کو دوبارہ زندہ کرنا ہو گا، مستقبل محفوظ بنانا ہے تو سائنس اور ٹیکنالوجی اپنانا ہو گی۔

بقیہ 53

مملکت خزانہ اور ریلوے بلال اظہر کیانی کا جہلم میں آنے والے آزاد جموں و کشمیر کے حلقہ ایل اے 42 ویلی تین سے امیدوار سید شوکت شاہ اور حلقہ ایل اے 39 جموں 6 سے امیدوار راجہ صدیق کی انتخابی مہم کے سلسلے میں مرکزی عوامی رابطہ آفس جادہ اور شالی محلہ میں کارنر میٹنگ جبکہ مشین محلہ نمبر تین میں الیکشن آفس کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی کے الزامات آزاد کشمیر میں اپنی حکومت کی ناکامیوں پر پردہ ڈالنے کی ناکام کوشش ہے۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ نواز شریف کی جماعت کے پاس کارکردگی ہے، ہم وہ بتا رہے ہیں، خالی ہاتھ والے الزام لگا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہاجرین جموں و کشمیر کو اپنی نشستوں کے حق کے لئے شیر کے نشان پر مہر لگانا ہو گی۔

بقیہ 54

سے مشاورت کا فیصلہ کر لیا۔ ترجمان جے یو آئی اسلم غوری نے اپنے بیان میں کہا کہ تمام صوبوں میں مشاورت کیلئے کنونشن منعقد کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ، پشاور، سکھر اور ملتان میں کنونشن ہوں گے، کنونشن سے مولانا فضل الرحمٰن اور دیگر مرکزی و صوبائی قائدین خطاب کریں گے۔ اسلم غوری نے کہا کہ مہنگائی، بدامنی، لاقانونیت اور آئین سے ماورا قانون سازی کے خلاف آئندہ لائحہ عمل پر مشاورت کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان کے خلاف حالیہ جھوٹے پروپیگنڈہ کو بے نقاب کیا جائے گا۔ اسلم غوری نے کہا کہ جے یو آئی آئین اور جمہوریت کی بقاء کی جنگ ایوانوں کے ساتھ ساتھ میدانوں میں بھی لڑے گی

بقیہ 55

رہائش گاہ پر جا کر ان سے اور ان کے اہل خانہ سے ملاقات کی۔ اس موقع پر رکن قومی اسمبلی زیب جعفر، رکن صوبائی اسمبلی بیگم عشرت اشرف سمیت دیگر سیاسی و سماجی شخصیات بھی موجود تھیں۔ ملاقات کے دوران ملکی سیاسی صورتحال، پارلیمانی امور، جمہوری استحکام اور عوامی مسائل کے حل کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء نے اس امر پر زور دیا کہ قومی مفاد، جمہوری اقدار اور عوامی فلاح کو ہمیشہ سیاسی ترجیحات کا مرکز ہونا چاہیے اور تمام سیاسی قوتوں کو قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کرنا چاہیے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے چوہدری جعفر اقبال کی طویل سیاسی خدمات، پارلیمانی تجربے اور جمہوریت کے فروغ کے لیے ان کی گرانقدر کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ چوہدری جعفر اقبال جیسے مدبر اور باوقار قائدین پاکستان مسلم لیگ (ن) کا قیمتی اثاثہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سینئر قیادت کا تجربہ نہ صرف جماعت بلکہ ملک کے جمہوری نظام کے استحکام کے لیے بھی انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔

بقیہ 56

میں منعقدہ صحافیوں کی تقریب سے خطاب میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ آپ کے لیے یہ شاید بہت بڑی خبر ہو گی مگر وہ بتانا چاہتے ہیں کہ ان کی خواہش ہے کہ وہ چوتھی بار صدارتی الیکشن لڑیں۔ صدر ٹرمپ دوسری صدارت کی مدت تقریباً نصف حد تک مکمل کر چکے ہیں، امریکی آئین کی بائیس ویں ترمیم کے سیکشن ون کے مطابق کوئی بھی شخص دو بار سے زیادہ صدر منتخب نہیں کیا جا سکتا۔ اس لیے ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے تیسری ہی نہیں براہ راست چوتھی بار بھی صدر بننے کی خواہش کا اظہار کیے جانے پر لوگوں کو حیرت نہیں ہوئی۔

بقیہ 57

ترقی اور خوشحالی کا باعث ہو گا۔ اپنے بیان میں صدر مملکت نے رواں سال یوم آزادی کو، پاکستان اور مالدیپ کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 61 ویں سالگرہ کے طور پر بھی، مزید خاص قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ اہم سنگ میل دونوں ممالک کے درمیان چھ دہائیوں سے زائد قائم دوستانہ تعلقات، باہمی اعتماد اور قریبی تعاون کی عکاسی کرتا ہے۔ صدر زرداری نے کہا کہ پاکستان مالدیپ کے ساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ دوستی کے رشتے مضبوط تر ہونے سے باہمی تعاون کو فروغ ملے گا جو دونوں ممالک کے عوام کی امن، ترقی اور خوشحالی کا باعث ہو گا۔

بقیہ 58

پر پورا اترتے آئے ہیں۔ چینی میڈیا کے مطابق کرغزستان میں شنگھائی تعاون تنظیم کے وزرائے خارجہ اجلاس کے موقع پر وانگ ای نے اس بات کو سراہا کہ ایران اور امریکا کے درمیان مفاہمتی یادداشت کے عمل میں پاکستان نے اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ چین پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کی مکمل حمایت جاری رکھے گا اور تمام متعلقہ فریقین کو دوبارہ مذاکرات کی میز پر لانے اور خطے میں دیرپا جنگ بندی کے حصول کے لیے مشترکہ کوششیں کرتا رہے گا۔

بقیہ 59

حوالے سے عمان کے ساتھ ہونے والے مذاکرات میں اہم پیش رفت ہوئی ہے، جبکہ دونوں ممالک کے درمیان تکنیکی اور سیاسی سطح پر مشاورت کا سلسلہ جاری ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے بتایا کہ ایران اور عمان کے نائب وزرائے خارجہ کے درمیان جمعہ اور ہفتہ کو تہران میں مذاکرات ہوئے، جن میں آبنائے ہرمز میں محفوظ بحری نقل و حرکت سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق دونوں ممالک نے اس اہم آبی گزرگاہ میں جہاز رانی کے انتظام، مشترکہ اصولوں اور عملی طریقہ کار پر اپنے خیالات کا تبادلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے دوران دونوں ساحلی ممالک کے خودمختار حقوق کے احترام پر بھی اتفاق رائے پایا گیا۔ اسماعیل بقائی نے ان مذاکرات کو مفید قرار دیتے ہوئے کہا کہ مختلف معاملات پر قابل ذکر پیش رفت ہوئی ہے تاہم کئی تکنیکی اور سیاسی نکات پر مزید مشاورت جاری رہے گی

بقیہ 60

میں پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی و صوبائی رہنماں، وفاقی و صوبائی وزرا، اراکین پارلیمنٹ اور پارٹی عہدیداروں کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ اس موقع پر فریال تالپور، سینئر وزیر شرجیل انعام میمن اور دیگر معزز شرکا نے صدر آصف علی زرداری کی سالگرہ کا کیک کاٹا اور ان کی صحت، درازی عمر، قومی سلامتی، جمہوریت کے استحکام اور ملک کی ترقی و خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں کیں۔ تقریب میں پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما ندیم افضل چن، پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار احمد کھوڑو، سندھ کے وزیر داخلہ ضیا الحسن لنجار، وزیر ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول مکیش کمار چاولہ، وزیر محنت سعید غنی، وزیر ثقافت و سیاحت ذوالفقار علی شاہ، وزیر صنعت جام اکرام اللہ دھاریجو، وزیر آبپاشی ومنصوبہ بندی جام خان شورو، وزیر تعلیم سید سردار شاہ، بابل خان بھیو، ریاض شاہ شیرازی، اراکین قومی اسمبلی آغا رفیع اللہ اور عبدالقادر پٹیل، اراکین سندھ اسمبلی قاسم سراج سومرو، امداد پتافی، صلاح الدین جونیجو، ممتاز چانگ، علی احمد جان، ارباب لطف اللہ، عاجز دھامراہ، سینیٹر روبینہ خالد، سینیٹر ندیم بھٹو سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے محترمہ فریال تالپور نے کہا کہ 18 ویں آئینی ترمیم، این ایف سی ایوارڈ، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام) بی آئی ایس پی (، صوبہ سرحد کو خیبر پختونخوا کا آئینی نام دینا اور گلگت بلتستان کو آئینی و انتظامی حقوق کی جانب پیش رفت صدر آصف علی زرداری کے تاریخ ساز کارنامے ہیں جنہوں نے وفاق کو مضبوط، جمہوریت کو مستحکم اور عوام کے حقوق کو یقینی بنانے میں بنیادی کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری نے قید و بند کی صعوبتوں کے باوجود کبھی اپنے جمہوری اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ انہوں نے ہمیشہ مشکل ترین سیاسی حالات میں مفاہمت، برداشت اور جمہوری اقدار کو فروغ دیا اور ہر موقع پر قومی مفاد کو ترجیح دی۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری کی قیادت میں جمہوری ادارے مزید مضبوط ہوں گے اور پاکستان ترقی، استحکام، قومی یکجہتی اور خوشحالی کی راہ پر مزید تیزی سے گامزن ہو گا۔

بقیہ 61

طویل سلسلہ ٹوٹ گیا ہے۔ ابھی یہ واضح نہیں کہ یہ حملے ایک روز کے لیے روکے گئے ہیں یا جنگ بندی کر دی گئی ہے۔ امریکی ویب سائٹ کے مطابق فوج ایران پر ممکنہ بڑے حملوں کی تیاری کر رہی ہے تاہم صدر ٹرمپ نے اس کی تاحال منظوری نہیں دی ہے۔ دعویٰ کیا گیا ہے کہ صدر ٹرمپ روزانہ کی بنیاد پر ایران پر حملوں کی منظوری دوپہر کے وقت دیتے تھے جس کے چند ہی گھنٹوں بعد ایران پر بمباری کر دی جاتی تھی۔ صدر ٹرمپ کو ایسا ہی منصوبہ پیش کیا گیا تھا مگر صدر ٹرمپ نے فوج کو حکم دیا کہ حملے نہ کیے جائیں۔ اس حکم نامے کے بعد صدر ٹرمپ نے صحافیوں سے یہ بھی کہا کہ ان کے پاس حملے جاری رکھنے اور اس کی شدت بڑھانے کا آپشن بھی ہے جس میں ہر چیز کو تباہ کیا جا سکتا ہے۔ مگر اسمارٹ اسٹریٹیجی یہ ہے کہ ایران سے ڈیل کی جائے۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران زیادہ سے زیادہ سنجیدہ ہو رہا ہے، ہم حملوں کے لیے تیار ہیں مگر ایران سے بات بھی کی جا رہی ہے۔ امریکی ویب سائٹ کے مطابق صدر ٹرمپ نے حملے روکنے کا حکم ایسے وقت میں دیا جب اومانی وفد مذاکرات کے لیے جمعہ کو ایران پہنچا تھا تاکہ آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے نیا معاہدہ کیا جا سکے۔۔۔۔ ایرانی فوج کے ترجمان محمد اکرامینیا نے کہا ہے کہ امریکا نے دو راتوں کے دوران اپنے حملے روکے ہیں تو ایران نے بھی اپنی جوابی کارروائیاں روک دی ہیں۔ ان سے پوچھا گیا کہ کیا اس کا یہ مطلب ہے کہ امریکا نے یکطرفہ طور پر جنگ بندی دوبارہ نافذ کر دی ہے؟ ترجمان ایرانی فوج نے کہا کہ امریکا اسٹریٹیجک فیصلہ سازی کے حوالے سے تھکن کا شکار ہے، اس کے پاس کوئی واضح حکمت عملی نہیں، یہ بات صدر کے فیصلوں اور سینٹکام کی کارکردگی میں دیکھی جا سکتی ہے۔ فوجی ترجمان نے کہا کہ حالیہ 14 سے 15 روزہ لڑائی کے دوران ایران کی فوجی کارروائیوں کی کچھ خصوصیات تھیں، جن میں حملوں کا مرکز امریکی ریڈار تنصیبات اور معاونت فراہم کرنے والے مراکز تھے، تاکہ امریکہ کو مزید حملوں سے باز رکھا جا سکے۔ جنرل اکرامینیا کے مطابق ایران نے اس عرصے میں کوشش کی کہ امریکا کو مذاکرات کی میز پر واپس لایا جائے تاکہ وہ دونوں ممالک کے درمیان مفاہمتی یادداشت کی شقوں پر عمل کرے۔

بقیہ 62

نتائج پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق یہ خدشات ایسے وقت میں سامنے آئے جب صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے خلاف مزید فوجی کارروائیوں پر غور کر رہے تھے۔ امریکی نشریاتی ادارے سی این این کی رپورٹ کے مطابق جمعہ کو ہونے والے اعلیٰ سطح کے اجلاس میں جنرل ڈین کین نے صدر ٹرمپ کو بریفنگ دیتے ہوئے ممکنہ فوجی کارروائیوں کے نتائج اور خطرات سے آگاہ کیا۔ رپورٹ کے مطابق جنرل ڈین کین نے خاص طور پر امریکی اسلحے کے ذخائر، طویل جنگ کے ممکنہ اثرات اور دیگر عسکری چیلنجز پر تشویش ظاہر کی۔ انہوں نے کہا کہ امریکی فوج صدر کے احکامات پر عمل کرنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے، تاہم ہر فوجی آپشن کے ممکنہ نتائج کو بھی مدنظر رکھنا ضروری ہے۔ ذرائع کے مطابق اسلحے کے ذخائر سے متعلق خدشات ان متعدد نکات میں شامل تھے جو اجلاس کے دوران صدر ٹرمپ کے سامنے پیش کیے گئے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ امریکا نے تقریباً دو ہفتوں تک جاری رہنے والے فضائی حملوں کے بعد فی الحال ایران پر بمباری کا سلسلہ روک دیا ہے، تاہم یہ واضح نہیں کہ یہ فیصلہ مستقل نوعیت کا ہے یا مستقبل میں دوبارہ حملے کیے جا سکتے ہیں

بقیہ 63

حوالے سے ہے، کالعدم ایکشن کمیٹی کے شرپسند عناصر کی بھارتی فنڈنگ کے ثبوت سب کے سامنے ہیں، بے شمار بھارتی سوشل میڈیا اکاؤنٹس ثبوتوں کے ساتھ سامنے آئے ہیں، ہر پوسٹ میں عوام کو ریاست کے خلاف اکسایا جا رہا تھا، جتھہ بندی اور قانون کو ہاتھ میں لینے والوں کو سوشل میڈیا کے ذریعے بڑھاوا دیا جا رہا تھا، ایسی ناکام کوشش کی گئی جس سے کشمیر میں افراتفری پھیلے، دشمن کو پاکستان کی حالیہ کامیابیاں ہضم نہیں ہو رہیں، بھارت کی سرپرستی میں چلنے والا نفرت انگیز پروپیگنڈا کامیاب نہیں ہو سکتا، حکومت، مسلح افواج اور سیکیورٹی ادارے ایسی مہمات کو بے نقاب کرتے رہیں گے۔ عسکری محاذ کے بعد سفارتی محاذ پر بھی پاکستان نے کامیابیوں کے جھنڈے گاڑے، پاکستان کے مفاد کا ہر محاذ پر دفاع کریں گے۔ اتوار کو یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان کے سیکورٹی اداروں نے کچھ عرصہ قبل ڈیجیٹل مارکیٹنگ سروسز فراہم کرنے والے ایک شخص کو گرفتار کیا، تحقیقات سے معلوم ہوا کہ یہ شخص سوشل میڈیا پر ڈیجیٹل مارکیٹنگ سروسز فراہم کر رہا تھا جس کے تانے بانے انڈیا سے ملتے ہیں، اس شخص کے ذریعے مواد کو پاکستان میں وائرل کرنے کے لیے انڈیا سے ادائیگیاں کی جا رہی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ گرفتار شخص سے معلومات تک رسائی حاصل کی گئی تو پتہ چلا کہ اس انفارمیشن کا پورا نیٹ ورک بوٹ فارمز کے ذریعے آپریٹ ہو رہا تھا جس کے ذریعے پاکستان، پاکستان کی سالمیت، حکومت، فوج اور اداروں کے خلاف مواد وائرل کیا جا رہا تھا، اس شخص نے دوران تفتیش انکشاف کیا کہ اسے زیادہ مواد آزاد کشمیر میں جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے حوالے سے مل رہا تھا۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ ہم شروع سے ہی کہہ رہے تھے کہ جوائنٹ ایکشن کمیٹی کا مقصد کشمیر کاز کو نقصان پہنچانا اور پاکستان و کشمیری عوام کے درمیان تعلق کو کمزور کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تمام سرگرمیاں ایک منظم سازش کا حصہ ہیں اور ان کا نہ تو کشمیر کاز سے کوئی تعلق ہے اور نہ ہی کشمیری عوام کے مفادات سے۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہ عناصر واقعی کشمیر اور کشمیر کاز سے مخلص ہیں تو یہ پھر یہ انتخابی عمل کا حصہ کیوں نہیں بنتے؟ انتخابات میں حصہ کیوں نہیں لیتے؟ اور عوام کے حقوق کے لئے جمہوری و آئینی طریقے سے آواز کیوں نہیں اٹھاتے؟ انہوں نے کہا کہ ان کی سرگرمیوں میں چاہے مہاجرین کی نشستوں کا معاملہ ہو یا پرتشدد احتجاج، انہوں نے ہر موقع پر تشدد کی سیاست کو فروغ دیا۔ انہوں نے اپنے احتجاجوں کے دوران کشمیری پولیس کے جوانوں کو شہید کیا، آزاد جموں و کشمیر میں امن و امان کی صورتحال پیدا کی، جتھہ بندی کی اور سڑکیں بند کر کے قانون کو ہاتھ میں لینے کی کوشش کی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ یہ شروع سے ہی ایک سازش کا حصہ رہے ہیں، جس کے تانے بانے بھارت سے ملتے ہیں، اس کے ناقابل تردید شواہد موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جس انداز میں اس گروہ نے اسلحہ اور ڈنڈوں سے لیس ہو کر تحریک شروع کرنے کی کوشش کی، وہ نہ کشمیری عوام کے مفاد میں تھی اور نہ ہی اس کا کشمیر کاز سے کوئی تعلق تھا۔ انہوں نے کہا کہ ان سازشی عناصر کا مقصد آزاد جموں و کشمیر میں ایسی صورتحال پیدا کرنا تھا جس سے کشمیری عوام کو نقصان پہنچے اور پاکستان و کشمیر کے درمیان مضبوط رشتے کو متاثر کیا جا سکے۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ آج سیاسی جماعتیں کشمیر میں بڑے بڑے عوامی اجتماعات اور جلسے کر رہی ہیں جن میں عوام کی بڑی تعداد شرکت کر رہی ہے، ان جلسوں اور اجتماعات میں کشمیری عوام نے شرکت کر کے سازشی عناصر کی سازشی سیاست کو مسترد اور تشدد پر مبنی طرز عمل کو قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہزاروں کی تعداد میں عوام کی ان اجتماعات اور جلسوں میں شرکت اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان اور کشمیر کا رشتہ مضبوط اور ناقابل تسخیر ہے جسے نہ کمزور کیا جا سکتا ہے اور نہ توڑا جا سکتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہم پہلے بھی کہتے تھے کہ ان سازشی عناصر کو بھارت کی فنڈنگ حاصل ہے، اب اس حوالے سے شواہد بھی سامنے آ گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل مارکیٹنگ کے ذریعے سوشل میڈیا پر چلائی جانے والی مہم کے پیچھے بھارت کے مقاصد واضح ہیں، بھارت چاہتا ہے کہ آزاد جموں و کشمیر میں امن و امان کی صورتحال خراب ہو اور بدامنی پیدا کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ جوائنٹ ایکشن کمیٹی سے متعلق سوشل میڈیا پر چلائے جانے والے مواد کا تکنیکی ڈیٹا کے ذریعے تجزیہ کیا گیا جس سے یہ بات سامنے آئی کہ اس مہم کے پیچھے منظم سرگرمیاں موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ سازشی عناصر آج پوری قوم کو جواب دہ ہیں، یہ دشمن سے فنڈنگ لے کر پاکستان، پاک فوج اور قومی قیادت کے خلاف نفرت پر مبنی مس انفارمیشن کمپین چلا رہے تھے، ان کا گٹھ جوڑ سامنے آیا، بھارت سے ہونے والی فنڈنگ روز روشن کی طرح عیاں ہو چکی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جوائنٹ ایکشن کمیٹی اب کس حیثیت سے کشمیری عوام کے حقوق کی بات کرے گی جبکہ اس کے تمام تانے بانے بھارت سے ملتے ہیں



چیئرپرسن بلوچستان کمیشن آن اسٹیٹس آف ویمن کرن بلوچ سے ملاقات کے موقع پر عبدالستار، عبدالغفار جمالی اور نیاز محمد جاموٹ کا گروپ فوٹو

خواتین حقوق کا تحفظ، مسائل حل کرانے کیلئے آل پاکستان لیبر فیڈریشن متحرک

عبدالستار، عبدالغفار جمالی کی چیئرپرسن بلوچستان کمیشن آن اسٹیٹس آف ویمن کرن بلوچ سے ملاقات

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے ایک وفد نے چیئرپرسن بلوچستان کمیشن آن اسٹیٹس آف ویمن کرن بلوچ سے ملاقات کی۔ ٹریڈ یونین نمائندوں کے وفد میں (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

پاکستان میں سماجی ترقی کے منصوبوں میں معاونت کر رہے ہیں: جاپانی سفیر

پاکستان میں سرمایہ کاری کے پرکشش مواقع موجود ہیں: وفاقی وزیر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی

کوئٹہ (پ ر) جاپان کا اعلیٰ ترین سول ایوارڈ ''دی آرڈر آف رائزنگ سن گولڈ ریز وِدھ روزیٹ'' حاصل کرنے والے پہلے پاکستانی اور حکومت پاکستان کی (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی اور جاپان کے سفیر اکاماتسو شوئچی کے اعزاز میں مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز شاہ کی جانب سے دیئے گئے ظہرانے کے موقع پر معزز مہمانوں کا گروپ فوٹو

جج کو نشانہ بنانا نظامِ انصاف اور قانون کی بالادستی پر حملہ ہے، سردار یار محمد رند

جب حکومتی عہدیداروں، وزراء اور دیگر اہم شخصیات کے لیے سخت ترین سیکیورٹی انتظامات کیے جاسکتے ہیں تو پھر جج صاحبان کی جان و مال کا تحفظ کس کی ذمہ داری ہے

المناک واقعے میں ملوث قاتلوں، سہولت کاروں اور پس پردہ عناصر کو فوری طور پر گرفتار کر کے قوم کے سامنے لایا جائے

بولان (این این آئی) سینئر سیاستدان سابق وفاقی و صوبائی وزیر سردار یار محمد رند نے اپنے ایک بیان میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کی شہادت انتہائی افسوسناک، قابلِ مذمت اور ریاستی اداروں کے لیے لمحہ فکریہ ہے ایسے جج صاحبان جو قانون، آئین اور انصاف کے تقاضوں (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

گوشت فروشوں اور تندوروں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری

48 افراد گرفتار، 35 افراد جیل منتقل، متعدد دکانداروں کو سخت وارننگ جاری

کوئٹہ (خ ن) عوامی شکایات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر ضلع بھر میں گوشت فروشوں اور تندوروں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری ہے اس سلسلے میں کارروائیوں کے دوران کم وزن روٹی اور مہنگے داموں گوشت فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

جعفر ایکسپریس کو سیکورٹی وجوہات کی بناء پر جیکب آباد ریلوے اسٹیشن پر روک دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) پشاور سے کوئٹہ آنے والی جعفر ایکسپریس کو سیکورٹی وجوہات کی بناء پر جیکب آباد ریلوے اسٹیشن پر روک دیا گیا

ہرنائی، نامعلوم مسلح افراد نے ٹیلی کمیونیکیشن ٹاور کو دھماکے سے اڑا دیا

کوئٹہ (این این آئی) ہرنائی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے ٹیلی کمیونیکیشن ٹاور کو دھماکے سے اڑا دیا۔ پولیس کے مطابق اتوار کو ہرنائی کے پہاڑی علاقے پان غر میں نامعلوم مسلح افراد نے ٹیلی کمیونیکیشن ٹاور کو دھماکے سے اڑا دیا جس کے باعث علاقے میں پی ٹی سی ایل اور ڈی ایس ایل انٹرنیٹ سروس معطل ہوگئی

انتظامیہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات بروئے کار لا رہی ہے، وریندر لعل

سیلابی پانی کو منظم اور مربوط انداز میں پھیلایا جائے تاکہ کسی ایک مقام پر پانی کا دباؤ بڑھنے سے ممکنہ نقصانات سے بچا جا سکے

نصیرآباد (محمد یونس عمرانی) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل نے آج چھتر فلیجی سے آنے والے سیلابی ریلوں کے ربی کینال میں داخل ہونے کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لینے کے (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

بارکھان میں جدید سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کا عمل مکمل

سی سی ٹی وی کیمرے شہر کے داخلی و خارجی راستوں، مرکزی بازار، اہم شاہراہوں اور حساس مقامات پر نصب کیے

بارکھان (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوام دوست وژن اور انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان کی ہدایات اور ڈی آئی جی کوہِ سلیمان ڈویژن ایاز احمد بلوچ کی (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان محب وطن، منجھے ہوئے سیاستدان ہیں، سردار زادہ میر حیربیار ڈومکی

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے علاوہ بلوچستان حکومت چلانا کسی کی بس کی بات نہیں، میر سرفراز بگٹی بہادر، محبّ وطن اور ایماندار شخصیت کے ملک ہیں

اگر میر سرفراز بگٹی صوبے کے وزیر اعلیٰ نہیں ہوتے تو بلوچستان کے حالات ابتر ہوتے اور امن و امان کی صورتحال سنگین ہوتا

بختیارآباد (لیاقت علی ڈومکی) وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے علاوہ بلوچستان حکومت چلانا کسی کی بس کی بات نہیں، میر سرفراز بگٹی بہادر، محبّ وطن اور ایماندار شخصیت کے ملک ہیں، بلوچستان کے وزیر اعلیٰ آج بھی میر سرفراز بگٹی ہیں اور آئندہ بھی یہی رہیں گے، سردار زادہ میر حیربیار خان (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

عوام کے جان و مال کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہے، ممتاز کھیتران

بارشوں کے بعد پانی کے بہاؤ اور تقسیم کے معاملے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے، ڈپٹی کمشنر کچھی

بولان (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر کچھی ممتاز کھیتران کی زیرِ صدارت ڈی سی آفس کچھی میں تحصیل بالا ناڑی اور بھاگ کے زمینداروں، قبائلی عمائدین، معتبرینِ علاقہ، منتخب عوامی نمائندوں اور دیگر باا‌ثر شخصیات کا ایک اہم مشاورتی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں مون سون (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

وڈھ بازار بکراپڑی میں زوردار دھماکہ

خضدار (یو این اے) وڈھ بازار بکراپڑی میں ایک زوردار دھماکہ ہوا ہے، تاہم خوش قسمتی سے واقعے میں کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا۔ تفصیلات کے مطابق وڈھ بازار میں ہونے والے اس دھماکے کی شدت سے ایک گھر کی دیوار گرگئی

نصیرآباد، ڈیرہ مراد جمالی میں 11 ہزار کے وی بجلی کا تار گرنے سے آگ بھڑک اٹھی

نصیرآباد (یو این اے) ڈیرہ مراد جمالی مین روڈ جتک چوک کے مقام پر 11 ہزار کے وی (KV) بجلی کا تار گرنے کے باعث اچانک آگ بھڑک اٹھی، جس کے باعث دیکھتے ہی دیکھتے خان محمد تنیو کے دکان سمیت پانچ دکانوں کو آگ نے اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ آگ کے نتیجے میں دکانوں میں موجود لاکھوں روپے مالیت کا سامان جل کر خاکستر ہوگیا

ریسکیو 1122 کو جدید سہولیات سے آراستہ کیا جائے، سعید راجپوت

1122 موجودہ دور میں قدرتی آفات اور ہنگامی حالات سے نمٹنے والا ایک اہم ترین ادارہ ہے

حکومت ترقیاتی منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کر رہی ہے، ظہور بلیدی

صوبائی وزیر کا حلقہ انتخاب بلیدہ کا تفصیلی دورہ، مقامی شہریوں، عمائدین اور مختلف وفود سے ملاقاتیں اور ترقیاتی سرگرمیوں کا معائنہ کیا

منصوبوں کی بروقت تکمیل کے ساتھ تعمیراتی معیار پر بھی کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے تاکہ عوام ان منصوبوں کے ثمرات سے جلد مستفید ہو سکیں، صوبائی وزیر

یونین کونسل بسیمہ وارڈ چوٹ کے کونسلر میر محمد قاسم پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پانی کی فراہمی بند کرنا انسانیت دشمن اقدام ہے، میر محمد قاسم عیسیٰ زئی

چوٹ کے عوام کو بلاتعطل صاف پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے

کوئٹہ، جماعت اسلامی کے زیر اہتمام صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمن بلوچ، عبدالنعیم رند کی قیادت میں پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

پولیس نہتے، عوام غیر محفوظ، حکمران اپنی سیکیورٹی تک محدود ہیں

اگر لانگ مارچ کے مطالبات مان لیے جاتے تو آج بلوچستان پرامن ہوتا، عوام کو تحفظ فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے

ایف سی سے پولیس اور کسٹمز کے اختیارات واپس لیے جائیں، متعلقہ افسران کے خلاف کارروائی کی جائے

پریس کلب کے سامنے ''بلوچستان کو امن ... مظاہرین نے امن (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کو اس کا پورا حصہ دیا جائے: میر محمد امین عمرانی

پٹ فیڈر اور کھیرتھر کینال میں پانی کی شدید قلت، زراعت تباہی کے دہانے پر پہنچ گئی



نصیرآباد (محمد یونس عمرانی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما نصیرآباد کے خیرخواہ لیڈر اور سابق صوبائی وزیر بلوچستان میر محمد امین عمرانی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ پٹ فیڈر کینال اور کھیرتھر کینال سے سیراب ہونے والے علاقوں کی زراعت پانی کی شدید قلت کے باعث تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے۔ (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر جعفرآباد کا ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا دورہ

تمام منصوبے اعلیٰ معیار کے مطابق مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں، خالد خان

نصیرآباد (خ ن) جعفرآباد: ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کرتے ہوئے تعمیراتی کاموں کا باریک بینی سے جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کرنے کی ہدایت جاری کر دی ایگزیکٹو انجینئر مواصلات و تعمیرات (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

امن و امان، ترقی اور عوامی فلاح کے لیے تمام ادارے ایک پیج پر ہیں، بریگیڈیئر فاروق اشرف

ہمیں انفرادی کے بجائے اجتماعی ترقی کے منصوبوں پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے

کوہلو (نامہ نگار) نیشنل پریس کلب کوہلو کے وفد نے ایف سی کمانڈنٹ میوند رائفلز بریگیڈیئر فاروق اشرف سے ملاقات کی، جس میں علاقے کی امن و امان کی صورتحال، جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوامی مسائل سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات میں نیشنل (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

حکومت فورسز کے ساتھ ملکر امن و امان کے قیام کیلئے پرعزم ہے، نور محمد دمڑ

عوامی سہولت کے لیے نصب ٹیلی کمیونیکیشن ٹاور اور ڈیلکو نہ پولیس تھانے کو نشانہ بنانا بزدلانہ اور قابل مذمت فعل ہے

سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے مکمل عزم کے ساتھ کام کر رہے ہیں

... پیش آنے والے ٹیلی کمیونیکیشن ٹاور اور پولیس ... مذمت کی ہے۔ اپنے بیان (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

ہرنائی کے علاقے میں پولیس تھانہ کی عمارت کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا

کوئٹہ (این این آئی) ہرنائی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیس تھانہ کی عمارت کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا۔ پولیس کے مطابق اتوار کو ہرنائی کے علاقے سنجاوی روڈ ڈیلکو نہ پولیس تھانہ کی عمارت کو نامعلوم افراد نے دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا دھماکے کے وقت پولیس تھانہ میں پولیس اہلکار موجود نہیں تھے جس کی وجہ سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس نے مزید کارروائی کر رہی ہے۔

فائرنگ، خاتون جاں بحق، دو افراد زخمی

گنداواہ (نامہ نگار) جھل مگسی کے علاقے گنداواہ کی اللہ آباد کالونی میں فائرنگ کے ایک افسوسناک واقعے میں ایک خاتون جاں بحق جبکہ دو افراد زخمی ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی اور جاں بحق خاتون کی لاش سمیت زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال گنداواہ منتقل کیا گیا۔ اسپتال میں ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد زخمیوں کی تشویشناک حالت کے پیشِ نظر انہیں مزید علاج کے لیے لاڑکانہ ریفر کر دیا گیا۔

ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ کے عہدیداروں کی اللہ یار ڈومکی سے اظہار تعزیت

سیوی (اللہ داد رند) ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ کے صدر میر اللہ داد رند، نائب صدر ثناء اللہ دہپال، جنرل سیکرٹری خرم شہزاد، ڈپٹی جنرل سیکرٹری ندیم بابر مغل، فنانس سیکرٹری اشتیاق احمد چاچڑ اور آفس سیکرٹری عمران خان مرغزانی، دیگر عہدیداروں نے بختیارآباد پریس کلب کے صدر اور ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ کے سینئر نائب صدر اللہ یار ڈومکی کے ماموں (ر) ماسٹر شیر محمد ڈومکی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا تعزیتی بیان میں ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ کے عہدیداروں نے کہا کہ ماسٹر شیر محمد ڈومکی ایک بااخلاق، نیک سیرت، تعلیم دوست اور باوقار شخصیت تھے، جنہوں نے اپنی زندگی علم کی روشنی پھیلانے اور معاشرے کی خدمت میں گزاری

ڈیرہ مراد جمالی، اوستہ محمد، گنداخہ اور جھل مگسی سمیت دیگر علاقوں میں موسلادھار بارش

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی اوستہ محمد گنداخہ جھل مگسی بھاگ و دیگر علاقوں میں تیز آندھی کے ساتھ موسلادھار بارش گلی کوچوں بازاریں سیلاب کا منظر پیش کرنے لگے کچے مکانات کے گرنے سے 25 افراد کے زخمی ہونے کی اطلاعات بجلی کے کھمبے گرنے سے کئی علاقے تاریکی میں ڈوب گئے آمدورفت کے راستے بند عوام کو سخت مشکلات کا سامنا بارشوں کا پانی گھروں میں داخل انسانی زندگی مفلوج چھتر کا سیلابی پانی ربی میں داخل ہونے سے سیلاب کا خطرہ ہے

چھتر ندی سے آنے والے شدید سیلابی ریلے کے باعث سینکڑوں گھر زیرِ آب آ گئے

متعدد خاندان بے گھر ہو کر کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور، امدادی ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی

نصیرآباد (محمد یونس عمرانی) ضلع نصیرآباد کے علاقے ربیع کینال، یونین کونسل شربیرون میں چھتر ندی سے آنے والے شدید سیلابی ریلے کے باعث سینکڑوں گھر زیرِ آب آ گئے جبکہ متعدد خاندان بے گھر ہو کر کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ متاثرہ علاقوں میں (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

سیوی، پینے کے صاف پانی کا اہم منصوبہ تیزی سے تکمیل کی جانب گامزن

وزیر اعلیٰ اور ضلعی انتظامیہ کی کاوشوں سے ہزاروں شہریوں کو گھروں کی دہلیز پر پانی میسر آئے گا

سیوی (اللہ داد رند) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کی خصوصی ہدایات، ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کی نگرانی، ایف سی بلوچستان اور پاک فوج کے تعاون سے (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

گنداواہ: میونسپل کمیٹی شہر کی صفائی اور ترقیاتی کاموں میں مسلسل ناکام

شہر کے بیشتر محلے گندگی کے ڈھیروں میں تبدیل ہو چکے ہیں، جگہ جگہ کچرے کے انبار موجود ہیں، عوامی حلقے

گنداواہ (نامہ نگار منیر احمد رڈ) گنداواہ شہر کے شہریوں نے میونسپل کمیٹی (ایم سی) گنداواہ کی کارکردگی پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ منتخب چیئرمین، وائس چیئرمین اور کونسلرز کے دورِ اقتدار میں شہر کی صفائی ستھرائی اور ترقیاتی کاموں کی صورتحال (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

انتظامیہ عوامی خدمت اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے پرعزم ہے، حبیب بنگلزئی

معیاری تعلیم کا فروغ اور سرکاری تعلیمی اداروں کی بہتری حکومتِ بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن، حبیب احمد بنگلزئی نے کہا ہے کہ حکومتِ بلوچستان کی جانب سے BSDI فیز ٹو کے تحت گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول کلی حسن زئی، چمن کی مرمت، بحالی اور تزئین و آرائش کا کام کامیابی کے ساتھ مکمل کر لیا گیا ہے۔ یہ منصوبہ ضلعی انتظامیہ چمن (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

سرکاری نرخ نامے نمایاں جگہ پر آویزاں کیے جائیں، عبدالجبار بگٹی

منافع خوری، ذخیرہ اندوزی اور سرکاری احکامات کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی

سوراب (خ ن) ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر گدر عبدالجبار بگٹی نے تحصیلدار سوراب محمود احمد کرد اور دیگر متعلقہ حکام کے ہمراہ گدر بازار کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران اشیائے ضروریہ کی پرائس لسٹوں، صفائی کی صورتحال، دکانوں میں (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

بیلا، ایس ایس پی لسبیلہ کی ہدایت پر سی آئی اے کی کارروائی، دو منشیات فروش گرفتار

بیلا (یو این اے) ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم پیشہ عناصر و منشیات فروشان کیخلاف کارروائی کی ہدایت پر انچارج CIA لسبیلہ انسپکٹر جان محمد جاموٹ کی کامیاب کارروائیاں، دو منشیات فروش گرفتار، 01 (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

خضدار، ڈکیتی میں ملوث گروہ کے دو ملزمان گرفتار

خضدار (یو این اے) پولیس نے قومی آر سی ڈی زاوہ، جیوا، باغبانہ اور خضدار روڈ کے علاقوں میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران ڈکیتی میں ملوث مبینہ گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس کے مطابق گزشتہ کئی روز سے مذکورہ علاقوں میں نگرانی کا عمل جاری تھا، جس کے دوران ایس ایچ او باغبانہ کی ٹیم نے مشکوک افراد کو روک کر تلاشی لی تو ملزمان عبدالرحیم اور امیر بخش کے قبضے سے دو پستول بمعہ میگزین، ایک چوری شدہ چائنا موٹر سائیکل اور دو قیمتی چوری شدہ موبائل فون برآمد ہوئے۔ پولیس نے دونوں ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا

صحافی، ادیب اور شعراء کا حقوق کیلئے مشترکہ جدوجہد کا اعلان

پرنٹ میڈیا کے استحکام کے لیے مؤثر میڈیا پالیسی مرتب اور اخبارات کو ان کا جائز حق دیا جائے، مقررین

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان کے صحافیوں، ادبی شخصیات اور شعراء کرام نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ بلوچستان کے عوام کے مسائل، محرومیوں، ثقافتی ورثے اور زمینی حقائق کو ذمہ دارانہ انداز میں قومی سطح پر اجاگر کیا جائے گا تاکہ عوام تک درست معلومات پہنچ سکیں۔ (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کے نظام میں بہتری لانے کے لیے عملی اقدامات کا دائرہ کار مزید وسیع

شہر کی مختلف شاہراہوں، گلیوں اور محلوں میں نئے مین ہولز کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے

سونمیانی وندر (زبیر بلوچ) وندر شہر میں صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کے نظام میں بہتری لانے کے لیے میونسپل کمیٹی نے عملی اقدامات کا دائرہ کار مزید وسیع کر دیا۔ شہر کی مختلف شاہراہوں، گلیوں اور محلوں میں نئے مین ہولز کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے تاکہ نکاسی آب کے دیرینہ مسائل پر قابو پایا جا سکے اور شہری علاقوں میں سیوریج کے نظام کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ نئے اور مضبوط (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883709
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

لہڑی کے علاقے تریہڑ کا بچاؤ بند خستہ حال

شدید طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں کے گزرنے کی وجہ سے بچاؤ بند کا بیشتر حصہ کٹاؤ کی نذر ہو گیا

بختیارآباد (لیاقت علی ڈومکی) لہڑی کے علاقے تریہڑ کا بچاؤ بند خستہ حال ہو چکا ہے۔ حالیہ شدید طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں کے گزرنے کی وجہ سے بچاؤ بند کا بیشتر حصہ کٹاؤ کی نذر ہو گیا ہے۔ گزشتہ روز دریائے لہڑی میں اونچے درجے کے سیلاب کی وجہ سے تریہڑ شہر کے بچاؤ بند کو شگاف لگا تھا۔ جسے شہریوں نے اپنی مدد آپ کے تحت شگاف کو نہ صرف پر کیا بلکہ سیلابی (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، حکومت اور واٹر ٹینکرز ایسوسی ایشن کے درمیان مذاکرات کامیاب، ہڑتال ختم

حکومتی یقین دہانی پر واٹر ٹینکر ایسوسی ایشن نے ہڑتال ختم کر دی، مطالبات وزیر اعلیٰ کے سامنے پیش

پانی بحران کے خاتمے کی امید، ٹینکر مالکان کے مطالبات کے حل کے لیے کمیٹی قائم

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ میں واٹر ٹینکر اور واٹر سپلائی ایسوسی ایشن کی ہڑتال حکومت اور ایسوسی ایشن کے درمیان کامیاب مذاکرات کے بعد ختم کر دی گئی۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی نے واٹر ایسوسی ایشن کے رہنماؤں کے مذاکرات کے بعد کوئٹہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹینکر مالکان کے مسائل کے حل کے لیے کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا گیا واٹر ٹینکر مالکان کے (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، بلوچستان میڈیا فورم کے صدر قیوم بلوچ، پروفیسر جوہر بنگلزئی، ملک ریاض بلوچ، شیخ فرید صدف غوری اور دیگر بلوچستان رائٹرز گلڈ برگ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں